آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 22 جولائی 2020ء بمطابق یکم ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 200

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر	04:15
اہل تشیع ظہر	01:00
اہل تشیع مغرب	07:27

موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ 1 شخص جاں بحق 7 زخمی

ضلع کیچ کے علاقے تربت بازار میں موٹر سائیکل ٹھیک کرنے کی دکان کے قریب کھڑی ایک موٹر سائیکل میں نصب بارودی مواد پھٹنے سے 32 سالہ امجد موقع پر جاں بحق

دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لیکر زخمیوں کو تربت ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ دھماکے کے بعد تربت بازار مکمل طور پر بند ہو گیا

بلوچستان میں ترقی اور امن کا عمل ہر صورت جاری رہے گا، وزیر اعلیٰ جام کمال خان، صوبے میں بدامنی پھیلانے کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے تربت میں موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق 7 زخمی ہو گئے، وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ بلوچستان کی دھماکے کی مذمت سیکورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت، لیویز حکام کے مطابق منگل کو ضلع کیچ کے علاقے تربت بازار میں موٹر سائیکل ٹھیک کرنے کی دکان کے قریب کھڑی ایک موٹر سائیکل میں نصب بارودی مواد پھٹنے سے 32 سالہ امجد موقع پر جاں بحق جبکہ سات افراد وسیم، محمد کریم، سبحان، رسول بخش، سلیمان، عبداللہ اور شے مرید زخمی ہو گئے جبکہ دھماکے سے آگ بھڑکنے کے نتیجے میں متعدد

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرمایہ کاری کے فروغ سے بلوچستان کی معاشی حالت بدلے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

معدنیات، لائیو اسٹاک، اسپیشل صنعتی زونز اور بارڈر ٹریڈ مارکیٹس کے قیام کے بنیادی ڈھانچہ کی فراہمی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کو سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کیا جائے گا

ایسے میکنزم کو فروغ دینا چاہئے جس سے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کیا جا سکے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں جن سے فائدہ اٹھانے کے لئے مضبوط اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت ہے

حکومت بلوچستان کی جانب سے سرمایہ کاروں کے لئے مراعاتی پیکج اور پالیسی، بلوچستان کے ترجیحی منصوبوں کی فزیبلیٹی اسٹڈی، سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ایونٹس کے انعقاد کی منظوری دی گئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے پانچویں اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے سرمایہ کار دوست ماحول کے قیام، سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقعوں سے متعلق معلومات، سہولیات اور ترغیبات کی فراہمی کے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی، چیف سیکرٹری بلوچستان فیصل اصغر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر مسعود، سیکرٹری خزانہ نور الحق بلوچ، سیکرٹری قانون اکبر حریفال، بورڈ کے پرائیویٹ ممبران سابق صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری دارہ خان اچکزئی اجلاس میں شریک تھے جبکہ سید اسماعیل ستار، حسن رضا اور نوید گلمتی نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی، چیف

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے مرحل علی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے حالات خراب کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائیگا، عمر خان جمالی

شرپسند عناصر ایک بار پھر پرامن بلوچستان کا ماحول خراب کرنے کی ناپاک سازش کر رہے ہیں، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و جین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے تربت بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے 8 افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شرپسند عناصر ایک بار پھر

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا دہشت گردی کے واقعہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

چند عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کے لئے بدامنی پیدا کر کے بلوچستان کو پسماندہ رکھنا چاہتے ہیں، اسد قیصر، قاسم خان سوری

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے دہشت گردی کے واقعہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے عناصر جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے بے گناہ لوگوں کا خون بہانے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 28 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11469 جبکہ دو افراد کے انتقال سے اموات کی تعداد 135 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 28 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11469 جبکہ دو افراد کے انتقال سے اموات کی تعداد 135 ہو گئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق صوبے کے چار اضلاع کوئٹہ، لسبیلہ، مکران اور خاران

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

پاکستان کی سلامتی پر کسی بھی حملے کا بھرپور جواب دیا جائے گا، آرمی چیف

مظلوم کشمیریوں کی ہمت اور صبر و استقلال پر انہیں خراج تحسین پیش، لائن آف کنٹرول کی صورت حال اور مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تشویش

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کور کمانڈر کانفرنس میں ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان کی سلامتی پر کسی بھی حملے کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ منگل کو پاک فوج کے تعلقات عامہ کے ادارے آئی ایس پی آر کے مطابق

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اعظم عمران خان وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کوچ کے علاقے میں مسافر کوچ نے راہ گیر کو کچل دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کنڈ کوچ کے علاقے میں مسافر کوچ نے راہ گیر کو کچل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت نے وفاق کے فیصلے کے مطابق صوبے کے تمام تعلیمی ادارے پندرہ تیرہ کھولنے کا فیصلہ کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے وفاق کے فیصلے کے مطابق صوبے کے تمام تعلیمی ادارے پندرہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

خضدار میں قومی شاہراہ پر ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق ایک شخص زخمی

خضدار (این این آئی) خضدار میں قومی شاہراہ پر ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے سے نشے کے عادی شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سے نشے کے عادی شخص کی لاش برآمد، پولیس کے مطابق منگل کو

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سلوگن

تاجر برادری نے لاک ڈاؤن میں نرمی پر صوبائی حکومت کا شکریہ ادا کیا ہے، نرمی کا یہ فیصلہ تاجر برادری اور عوام کے لیے ایک امتحان سے کم نہیں، انہیں کرونا کے حوالے سے احتیاطی تدابیر پر سختی سے کاربند رہنا ہے، اس امتحان کو ہمیشہ کے لیے نظم و ضبط اور حفظان صحت کے اصولوں کو اپنانے کا بہترین ذریعہ ثابت کرنا ہوگا۔

ملک بھر سے اہم خبریں

مطیع اللہ جان کا اغوا پریشان کن اور افسوسناک ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سینئر صحافی مطیع اللہ جان کے لاپتہ ہونے پر وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر اسد عمر اور شفقت محمود کی شاہ محمود قریشی سے ملاقات، کرونا وبائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود اور وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر نے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

مطیع اللہ جان کو زبردستی گاڑی میں لیجانے کی فوٹیج نے حقیقت کھول دی ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان مسلم لیگ ن مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ مطیع اللہ جان ایک دبنگ،

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ نے نیب کے چہرے سے نقاب اتار دیا ہے، نیب اور چیئرمین نیب کی ساکھ ختم ہو چکی ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین نفیسہ شاہ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پرامن حالات کو کسی صورت سبوتاژ نہیں ہونے دیں گے، گورنر بلوچستان

دنیا بڑی تیزی سے اپنی کروٹیں بدل رہی ہے جسکے نتیجے میں صحت کے شعبے میں بھی وسعت اور جدت پیدا ہو رہی ہے

بلوچستان میں سیکورٹی اداروں کی قربانیوں کے بعد امن و امان کے حالات کافی مستحکم ہو چکے ہیں، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے تربت کے علاقے کیچ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گورنر یاسین زئی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا کہ بلوچستان میں سیکورٹی اداروں کی قربانیوں کے بعد امن و امان کے حالات کافی مستحکم ہو چکے ہیں اور اب ہم صوبے کے پرامن حالات کو کسی صورت سبوتاژ نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں خوف و ہراس پھیلانے، املاک کو نقصان پہنچانے اور دہشتگردی کے واقعہ میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، گورنر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، میجر جنرل سرفراز علی

فوج پاکستان ان کے اس مذموم عزائم کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے، آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ میجر جنرل سرفراز علی نے کہا کہ شرپسند عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے غیور عوام اپنے مستقبل کو سنوار سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت دھماکے پر مقامی لوگوں سے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کیا آئی جی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کورونا از خود نوٹس کیس، این ڈی ایم اے کی رپورٹ مسترد، کسی کو ایک پیسہ بھی نہیں کھانے دینگے، سپریم کورٹ

3 بار نوٹس کر چکے، این ڈی ایم اے وضاحت کرنے میں ناکام رہا، کیا چیئرمین این ڈی ایم اے کو توہین عدالت کا نوٹس کریں، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس گلزار احمد نے کورونا از خود نوٹس کیس میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ این ڈی ایم اے کو معلوم ہی نہیں عدالت کے ساتھ کیسے چلنا ہے ہم وزیر اعظم کو کہہ دیتے ہیں کہ سارا این ڈی ایم اے فارغ کر دیں اور کسی کو ایک پیسہ بھی نہیں کھانے دیں گے، ملک کے اداروں کو شفاف انداز میں چلنا چاہیے، کسی کو ایک روپے کا فائدہ نہیں پہنچنے دیں گے، جسٹس

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کچھ قوتیں بلوچستان کے حالات کو خرابی کی طرف دھکیل رہی ہیں، ضیاء لانگو

ترمیم تجویز آئین کے آرٹیکل 106 کے تحت بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹرز نے پیش کیا تھا اور ایوان بالا میں ترمیم کی گئی نے مخالفت نہ کرنا بلوچستان عوامی پارٹی کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں

بندوتاجر نانک چند کے قتل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، سفاک قاتل کو ہر حال میں کیفر کردار تک پہنچایا جائے، وزیر داخلہ بلوچستان

لاہور (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ڈھاکہ کے مقامی ہندو تاجر نانک چند کے سفاکانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے، یہاں سے جاری مذمتی بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ ہندو تاجر نانک چند کے قتل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، سفاک قاتل کو ہر حال میں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔ انہوں نے کہا کہ صدیوں سے آباد بلوچستان میں ہندو برادری کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور ہندو برادری بلوچستان کے روایات اپنا کر کبھی اپنے آپ کو الگ نہیں سمجھے، کچھ قوتیں جان بوجھ کر بلوچستان کے حالات کو خرابی کی طرف دھکیل رہی ہیں تاکہ صوبے بلوچستان کے پرامن حالات کو ایک مرتبہ پھر خراب کیا جائے انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کو تحفظ دینا ہمارا حق ہے اور کسی بھی صورت ہم انہیں تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ وزیر داخلہ نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور انکے لئے صبر و استقامت کی دعا بھی کی۔ دریں اثناء

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

اگر پنجاب میں کرپشن ختم نہیں ہوئی تو یہ کرپشن کون کر رہا ہے، بلاول بھٹو زرداری

مرکزی حکومت کو پنجاب کے 483 ارب پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، پی پی چیئرمین کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پنجاب میں حکومت عوامی مسائل کے حل میں ناکام ہو چکی ہے، پیپلز پارٹی ہی پنجاب کے عوام کے مسائل کو حل کر سکتی ہے، اظہار دین ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کو متنازعہ بنا کر پیش کر رہے ہیں، مرکزی حکومت کو پنجاب کے 483 ارب پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، اپوزیشن جماعتوں کی مشترکہ کوششوں سے اس نااہل، فاشسٹ اور کرپٹ حکومت کو عوام دشمن ہتھکنڈوں سے روکا جا سکتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں بلاول ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پیپلز

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے اپوزیشن لیڈر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبداللہ دمڑ نے PIPS کے آفس میں ملاقات کر رہے ہیں

سوراب میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق

سوراب (این این آئی) سوراب میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق پولیس کے مطابق منگل کو تک کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے عبداللہ میروانی نامی شخص جاں بحق واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سوراب پولیس موقع پر پہنچ کر مقتول کی نعش ڈی ایچ کیو سوراب منتقل کر دی تاہم قتل کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی مزید کارروائی سوراب پولیس کر رہی ہے۔

نیب قانون پر ہمارے تحفظات کی سپریم کورٹ کے فیصلے نے توثیق کی ہے، مولانا فضل الرحمن

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیب ادارے کو برقرار رکھنے کا کوئی جواز نہیں رہا، سیاستدانوں کے خلاف نیب میں کیسز عام عدالتوں میں ہونے چاہئیں

لاپتہ افراد کو عدالتوں میں بھی پیش نہیں کیا جاتا، رہا جمہوریت حقیقی معنوں میں ہونی چاہیے، امریکہ کا پاکستانی کی اسٹیبلشمنٹ پر دباؤ رہتا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ نیب قانون پر ہمارے تحفظات کی سپریم کورٹ کے فیصلے نے توثیق کی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیب ادارے کو برقرار رکھنے کا کوئی جواز نہیں رہا، سیاستدانوں کے خلاف نیب میں کیسز عام عدالتوں میں ہونے چاہئیں، لاپتہ افراد کو عدالتوں میں بھی پیش نہیں کیا جا رہا، جمہوریت حقیقی معنوں میں ہونی چاہیے، امریکہ کا پاکستانی کی اسٹیبلشمنٹ پر دباؤ رہتا ہے، عمران خان کو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں مثالی امن قائم ہے اور برقرار رہے گا، ترجمان حکومت بلوچستان

بلوچستان میں مثالی امن قائم ہے اور برقرار رہے گا، دہشت گردوں کا بلوچستان سے خاتمہ کر دیا گیا ہے

چار ماہ بعد کورونا کے گزشتہ 24 گھنٹوں میں صرف 5 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ن ن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے تربت میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں مثالی امن قائم ہے اور برقرار رہے گا، دہشت گردوں کا بلوچستان سے خاتمہ کر دیا گیا ہے، چار ماہ بعد کورونا کے گزشتہ 24 گھنٹوں میں صرف 5 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں کیسز میں کمی آئی ہے، عید قربان پر بھی کیسز میں اضافہ یا خدشہ ہے لہٰذا شہریوں سے اپیل ہے کہ ایس او پیز پر عمل درآمد کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ موجودہ حالات میں میڈیا کا کردار مثبت رہا ہے تربت دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، حکومت بلوچستان کی کوششوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

قائمہ کمیٹی کا حفیظ شیخ کے خلاف تحریک استحقاق پیش کرنے کا اعلان

افغانستان کو سامان بھارت سے بھجوانے کی اجازت دینے سے ہمارے کاشتکاروں کو نقصان پہنچے گا، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے ٹان کسٹم پیڈ گاڑیوں سے متعلق کسٹمز کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شرکت نہ کرنے پر مشیر خزانہ حفیظ شیخ کے خلاف تحریک استحقاق پیش کرنے کا اعلان کر دیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس فیض اللہ کاموکا کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا جہاں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین جاوید غنی نے بتایا کہ طورخم بارڈر سے 441 ٹرک کسٹم کلیئرنس کے بغیر داخل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایڈیشنل آئی جی پولیس عبدالرزاق چیمہ، ڈنگ کمانڈر عرفان احمد اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

درآمدات میں کمی کے باعث گزشتہ مالی سال کے دوران جاری کھاتے کا خسارہ 78 فیصد کم رہا، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) درآمدات میں کمی کے باعث گزشتہ مالی سال کے دوران جاری کھاتے کا خسارہ 78 فیصد کم رہا۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال جاری کھاتے کا خسارہ 2 ارب 96 کروڑ ڈالر تک محدود رہا جو جی ڈی پی کے 1.1 فیصد کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ہاؤسنگ سیکٹر میں سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، چیف سیکرٹری بلوچستان

جس کیلئے ون ونڈو آپریشن کا آغاز کیا جا رہا ہے جس میں متعلقہ محکموں کے آفیسر بیٹھیں گے

اسکا مقصد کیو ڈی اے کی طرف سے لوگوں کو این او سی کے حصول کے عمل کو بھی آسان بنایا جائیگا، کیپٹن (ر) فضیل اصغر

کوئٹہ (ن ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت ہاؤسنگ سیکٹر کے شعبے میں فروغ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں تعمیراتی کاموں میں تیزی، ون ونڈو آپریشن کا آغاز اور ہاؤسنگ سیکٹر میں سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات، سیکرٹری یو پی اینڈ ڈی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیمکو سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کی ہدایت پر ہاؤسنگ سیکٹر میں سرمایہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ملک کے تمام ادارے بیٹھ چکے ہیں، ملک سکندر

نا اہل اور سلیکٹڈ حکومت نے اپنے تمام تر دعوؤں سے یوٹرن لیتے ہوئے ملک کو بحرانوں کا شکار کر دیا ہے

معیشت تباہ حال ہے حکومت نے عوام کو مہنگائی، بے روزگاری کے علاوہ کچھ نہیں دیا، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ نااہل اور سلیکٹڈ حکومت نے اپنے تمام تر دعوؤں سے یوٹرن لیتے ہوئے ملک کو بحرانوں کا شکار کر دیا ہے حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آج ملک کے تمام ادارے بیٹھ چکے ہیں معیشت تباہ حال ہے حکومت نے عوام کو مہنگائی، بے روزگاری کے علاوہ کچھ نہیں دیا جبکہ موجودہ حکومت کا کام صرف اور صرف اپوزیشن کی آواز دبانا رہ گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات ختم المدارس یونٹ گلی چلتن رہسانی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری مولانا راز محمد حسنی اور یونٹ کے معاون ناظم مالیات مولانا آمین اللہ آمین سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ بلوچستان میں ابتر حکمرانی کی وجہ سے آج نوبت یہاں تک آ پہنچی ہے کہ صوبے کا پی ایس

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ڈی ایچ کا چاند دیکھنے کیلئے زونل رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس، کوئٹہ سمیت بلوچستان میں ڈی ایچ کا چاند نظر نہیں آیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ڈی ایچ کا چاند نظر نہیں آیا، تفصیلات کے مطابق منگل کو ڈی ایچ کا چاند دیکھنے کیلئے زونل رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس کمیٹی کے چیئرمین مولانا انوار الحق حقانی کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ موسمیات کے اہلکار شریک ہوئے، کوئٹہ میں چاند نظر آنے کا دورانیہ مکمل ہونے کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

قومی اسمبلی، صحافی مطیع اللہ جان لاپتہ، اپوزیشن کا اسمبلی سے احتجاجاً واک آؤٹ

صحافی مطیع اللہ جان کو لاپتہ کیے جانے کا واقعہ کسی فرد واحد کا مسئلہ نہیں، میڈیا کو خاموش کرانے کا حربہ ہے، نوید قمر

میڈیا کی آزادی جمہوریت کا حسن ہے، آئین میں بھی آزادی صحافت ایک بنیادی حقوق ہے، خواجہ محمد آصف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن نے سینئر صحافی مطیع اللہ جان کے مبینہ طور پر لاپتہ ہونے کے معاملے پر احتجاجاً واک آؤٹ کیا۔ منگل کو اجلاس کے دوران پیپلز پارٹی کے رہنما سید نوید قمر نے ایوان میں اسلام آباد سے مبینہ طور پر لاپتہ کیے جانے والے صحافی مطیع اللہ جان کے معاملے پر توجہ دلائی۔ اس دوران پارلیمنٹ کی پریس گیلری میں موجود صحافیوں نے بھی احتجاجاً واک آؤٹ کیا۔ اس حوالے سے نوید قمر نے کہا کہ صحافی مطیع اللہ جان کو لاپتہ کیے جانے کا واقعہ کسی فرد

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

عید اور محرم الحرام میں دہشتگردی کے خدشات موجود ہیں، عبدالرزاق چیمہ

سیف سٹی منصوبہ محرم سے قبل فعال نہیں ہو سکے گا، بکرا منڈی میں ہنگامہ آرائی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی

کوئٹہ شہر میں اسٹریٹ کرائمز کی شرح کو کم کرنے کے لئے کارروائی شروع کر دی گئی ہیں، ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ نے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ اور محرم الحرام کے دوران بلوچستان میں دہشتگردی کے خدشات موجود ہیں، سیف سٹی منصوبہ محرم سے قبل فعال نہیں ہو سکے گا، بکرا منڈی میں ہنگامہ آرائی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، کوئٹہ شہر میں اسٹریٹ کرائمز کی شرح کو کم کرنے کے لئے کارروائی شروع کر دی گئی ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل ڈی آئی جی ایف سی بریگیڈیئر عرفان، کمشنر کوئٹہ طاہر علی خان، ایڈیشنل سیکرٹری میونسپل کارپوریشن کوئٹہ طارق جاوید مینگل کے ہمراہ علماء کرام، تاجر تنظیموں سے عید الاضحیٰ کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں سیکورٹی حکام، ضلعی انتظامیہ، علماء کرام، تاجر تنظیموں کا مشترکہ اجلاس منعقد

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

افغان فوجی قافلے پر خودکش کار بم حملے میں 8 افغان فوجی ہلاک، 9 دیگر شدید زخمی ہو گئے

کابل (این این آئی) افغانستان کے وسطی صوبہ میدان وردک میں افغان فوجی قافلے پر خودکش کار بم حملے میں 8 افغان فوجی ہلاک اور 9 دیگر شدید زخمی ہو گئے۔ افغان اور غیر ملکی میڈیا نے افغان وزارت دفاع کے حوالے سے بتایا ہے کہ پیر کے روز بعد از سہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی صوبے کی محرومیوں، بدعنوانی کے خلاف آواز اٹھاتی رہے گی، مولانا عبدالحق ہاشمی

بدقسمتی سے بلوچستان کی محرومیوں کے خاتمے کے بجائے بلوچستان عناصر لوٹ مار، وزارتی مفادات میں مصروف ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری کے آشیرباد وزیر گرانی 87 ارب بجٹ پیش کرنے والے بیوروکریسی و آفیسرز اور ملازمین کو 6.5 تنخواہیں انعام میں دینا اور پھر چیف سیکرٹری کو اپنے لیے 33 لاکھ انعام تنخواہ لینا بدترین بدعنوانی ہے 7 کروڑ صرف انعام کے تنخواہ میں کھانا خسارے بجٹ اور غریب بلوچستان کیساتھ زیادتی ہے بیوروکریسی کی لوٹ مار پر آنکھیں بند کر کے بلوچستان کو تاریکی میں دھکیلا جا رہا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سینیٹر احمد خان اور وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

سپریم کورٹ آف پاکستان نے 196 دہشتگردوں کی رہائی کا حکم معطل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 196 دہشتگردوں کی رہائی کا حکم معطل کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

22 جولائی 2020ء

ترقی اور امن کا عمل ہر صورت جاری رہے گا

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ تربت دہشت گردی کے واقعہ میں قیمتی انسانی جان کے ضیاع پر دکھ اور افسوس ہے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے بے گناہ لوگوں کا خون بہانے والے سخت ترین سزا کے مستحق ہیں ملک دشمن عناصر کے ایجنڈے کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے بلوچستان میں ترقی اور امن کا عمل ہر صورت جاری رہے گا۔ چند عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کے لئے بدامنی پیدا کر کے بلوچستان کو پسماندہ رکھنا چاہتے ہیں بلوچستان کے محب وطن عوام کے تعاون سے سیکورٹی فورسز دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے پرعزم اور متحرک ہیں نہتے اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں دہشتگردی کیخلاف جنگ فیصلہ کن ہے، پاک فوج، سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردوں کو شکست سے دوچار کر رکھا ہے صوبے میں بدامنی پھیلانے کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے زخمیوں کو علاج و معالجہ کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں اور پولیس اور سیکورٹی اداروں حفاظتی اقدامات کو مزید موثر بنائیں دہشت گرد عناصر اور انکے سرپرستوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائیں۔ تاکہ بلوچستان میں امن ہو اور بلوچستان ترقی کریں۔

گونگے کہیں کے؟

کاش کوئی ان حکمرانوں کو سمجھائے کہ گھر کے برتن فروخت کر کے بھی گذارا نہیں ہوتا معاملات میں خودکفیل ہونا پڑتا ہے۔ محض خالی باتیں اور

کھوکھلے دعوے کرنا الگ بات ہے لیکن ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا پڑتے ہیں حکمرانوں کی نااہلی سے ترقی کا ٹائی ٹینک ڈوب رہا ایک وقت تھا جب اس ملک میں ڈرائینگ روم کی سیاست کا دور دورہ تھا اس ماحول میں ذوالفقار علی بھٹو نے عام آدمی کو سیاست سے روشناس کروایا عوام کو اپنے حقوق کا احساس ہوا ہمارے ملک کے بیشتر سیاستدان نسل در نسل اقتدار کے مزے لوٹ رہے ہیں سیاست بھی ان کے گھر کی لونڈی ہے موجودہ جمہوریت ان کی سب سے بڑی محافظ۔۔۔ عام آدمی کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں ان کے بچے پڑھ لکھ بھی جائیں تو نوکری کیلئے خجل خوار ہونا مقدر بن جاتا ہے زیادہ تر معاشی غلامی میں ہیں جہاں لوگ اپنی مرضی سے ووٹ دینے پر قادر نہ ہوں تبدیلی کیسے آئے گی؟ تبدیلی تو اندر سے آتی ہے لیکن عوام کی طاقت، سیاست کے بدلتے تیور اور جمہوریت کے استحکام نے ان لوگوں کو مضطرب کر کے رکھ دیا ہے کیونکہ وہ اندر کے خوف سے بے چین ہیں یہ وہی لوگ ہیں جو ہر قسم کی تبدیلی کے خلاف ہیں کیونکہ تبدیلی تو ان کے خلاف آتا ہے جن کی مزاحمت شدید تر ہو رہی ہے۔۔۔ دوسروں کیلئے سوچنا شیوۂ پیغمبری ہے درحقیقت یہی ہیرو کہلوانے کے حقدار ہوتا تاریخ بتاتی ہے کسی نظریہ کیلئے قربانیاں دینے والے دنیا میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں ناموافق حالات، طاقت کا بے رحم استعمال اور ریاستی جبر بھی ان کے ارادے متزلزل نہیں کر سکتا اور مشکلات بھی راستہ نہیں روک سکتیں۔ غور سے دیکھا جائے تو پاکستان میں صرف دو ہی طبقے ہیں ایک بااختیار۔ دوسرا بے اختیار لوگوں کا۔ جب بھی تاریخ لکھی جائے گی عوام کو شعور دینے والے تمام رہنماؤں کی جدوجہد کیلئے لوگوں کی استقامت اور جرأت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اس سے شعور و آگہی کے کئی سورج طلوع ہوں گے۔ عام آدمی جب یہ محسوس کرتا ہے کہ استحصالی نظام کو بچانے کیلئے زرداری فضل الرحمن، نواز شریف جیسے سیاستدان اندر سے ایک ہیں یہ سب مفادات کے لئے متحد ہیں۔ کتنی ستم ظریفی ہے کہ قومی و مذہبی رہنما جن کا ایک دن کے اخراجات لاکھوں میں ہیں وہ بھی سالانہ چند ہزار ٹیکس دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے پارلیمنٹ ان دو نمبر لوگوں سے بھری پڑی ہے جو اول درجے کے جھوٹے اور ٹیکس چور ہیں حکمران تو محض اپنے اقتدار کو جمہوریت سمجھ کر تنقید کرنے والوں کو قابل تعزیر سمجھنے لگتے ہیں۔ عوام کی اکثریت کو ایک بات سمجھ نہیں آ رہی حالانکہ یہ سامنے کی بات ہے آئین کی پہلی 100 شقوں پر عمل ہو جائے تو پاکستان کے غریبوں کی حالت اور حالات بدل جائیں گے۔ عوام جب یہ دیکھتے ہیں کہ کوئی معزز رکن پارلیمنٹ کے کسی بھی اجلاس میں غربت، مہنگائی، بیروزگاری، کرپشن اور لوڈشیڈنگ پر بات کرنا پسند نہیں کرتا۔۔۔ کسی وزیر نے یہ بھی بتانا گوارا نہیں کیا حکومت غربت کے خاتمہ کیلئے کیا کر رہی ہیں؟۔ مہنگائی اور جرائم کی روک تھام کیلئے کیا ترجیحات ہیں؟ حالانکہ یہ سب عوام کے نمائندے ہیں الیکشن کے دوران ہر قیمت پر جیتنے کی خواہش میں مرنے مارنے پر تل جانے والے جب جیت جاتے ہیں تو ان میں سے نوے فی صد نے کبھی پارلیمنٹ میں زبان سے کبھی ایک لفظ ادا نہیں کیا۔۔ کیا یہ گونگے ہیں؟۔ اب تک یہ ہوتا آیا ہے جب بھی کوئی سیاستدان اقتدار میں آتا ہے اس کے اردگرد خوشامدی درباری اور مفاد پرست قسم کے لوگ گھیرا ڈال لیتے ہیں جو درست بات بھی حکمران تک نہیں پہنچنے دیتے تکبر، رعونت، خوشامد اور خود پرستی کی وجہ سے وہ عوام سے دور جاتے ہیں میاں نواز شریف کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا لیکن انہیں اس کا مطلق احساس نہیں اب نواز شریف کہاں ہیں اور ان کا بیانیہ کدھر گیا کوئی نہیں جانتا؟ اس قوم کو ہر نئے حکمران سے بہت سی توقعات وابستہ ہو جاتی ہیں اور وہ انہیں کے نعرے مارنے میں مگن ہو جاتی ہے میاں نواز شریف اور ان سے پہلے پرویز مشرف وہ پی آئی اے، سٹیل ملز جیسے قومی ادارے بیچ کر حالات درست کرنا چاہتے تھے لیکن ان کی دال نہیں گلی اب تبدیلی سرکار نے بھی کئی قومی اداروں کی نجکاری کا عندیہ دیا ہے کاش کوئی ان حکمرانوں کو سمجھائے کہ گھر کے برتن فروخت کر کے بھی گذارا نہیں ہوتا معاملات میں خودکفیل ہونا پڑتا ہے۔ محض خالی باتیں اور کھوکھلے دعوے کرنا الگ بات ہے لیکن ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا پڑتے ہیں۔ حکمرانوں کی نااہلی سے ملکی ترقی کا ٹائی ٹینک ڈوب رہا ہے ورنہ جس ترقی کا دھوئی زور و شور سے کیا جا رہا تھا اسے آئی ایم ایف بچا کر لے گیا ہے باقی رہی سہی کسر ڈالر کی بڑھتی ہوئی قدر اور پاکستانی روپے کی بے توقیری نے پوری کر دی ہے حالانکہ پاکستان میں ترقی کا فائدہ ہمیشہ صرف ٹھیکیداروں اور کاروباری خاندانوں کا فائدہ ہی ہوتا ہے اور عام آدمی کی حصہ میں وہی محرومیاں ہیں جس کا شکار وہ پہلے ہیں۔ عوام نے کبھی منتخب نمائندوں، پارلیمنٹ اور وزیر خزانہ سے پوچھنے کی جرأت نہیں کی کہ جناب غیر ملکی قرضے کیوں لئے جا رہے ہیں؟ ماضی میں لئے جانے والے قرضوں کا تصرف کیا رہا؟۔ کون سا نیا قومی منصوبہ شروع کیا گیا؟۔ کیا حکمران قوم کو بتانا پسند کریں گے کہ قومی اثاثے اونے پونے بیچنے میں کیا منطق ہے اس سے پہلے PTCL اور MCB فروخت کرنے سے قوم کو کیا فائدہ ہوا۔ کتنا منافع ملا؟۔ ہمارے سیاستدانوں، بیوروکریٹس اور اشرافیہ نے ملک لوٹ کر جو رقم باہر جمع کر رکھی ہے وہ کب واپس آئے گی اس کا مطلب ہے یہ لوگ پاکستان میں کاروبار کرنا بھی پسند نہیں کرتے کمال ہے پھر بھی میڈیا ان پاکستان کہلاتے ہیں ان کے اپنے ادارے ترقی کر کے ایک سے دو۔ دو سے درجن بن گئے ہیں لیکن قومی ادارے بیچنے کیلئے ان کے ملازمین کو گولیاں مار کر نشانہ بنایا جا رہا ہے جو حکمران چند ادارے چلانے کی اہلیت نہیں رکھتے وہ ملک کیا چلائیں گے؟ کاش کوئی حکمرانوں کو سمجھائے کہ گھر کے برتن فروخت کر کے بھی گذارا نہیں ہوتا معاملات میں خودکفیل ہونا پڑتا ہے۔ محض خالی باتیں اور کھوکھلے دعوے کرنا الگ بات ہے لیکن ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا پڑتے ہیں حکمرانوں کی نااہلی سے ترقی کا ٹائی ٹینک ڈوب رہا ہے ترقی کی اصل حقیقت کیا ہے؟ کیا عوام نہیں جانتے؟ جاننے والے کڑھتے رہتے ہیں۔ کس سے گلا کریں کس کو گلے لگا کر روئیں عوام جو بھی کریں ہمارا مشورہ ہے مولانا فضل الرحمن پر تنقید نہ کریں وہ ہمیشہ ہر حکومت کے ساتھ ہوتے ہیں پہلی بار وہ اقتدار سے الگ ہوئے ہیں تو ان کے بین دیکھنے والے ہیں جیسے مچھلی پانی کے بغیر تڑپتی ہے یہی حال موصوف کا ہے ایم کیو ایم کی بات نہ کریں وہ بھی اقتدار سمندر کے بغیر بے توقیر ہے۔ قوم پرست محمود خان اچکزئی کو بھی چھوڑ دیں انہیں پہلی مرتبہ حکومت میں آنے کا موقعہ ملا تو انہوں نے بھی میاں نواز شریف سے وفا کرنے کا حق ادا کر دیا اس کے پیچھے بھی ان کی محرومیاں بولتی ہیں کیونکہ موجودہ وزیر اعظم نے ان کو اپنی تک گھاس نہیں ڈالی اب اصلی اپوزیشن ہونے کی دعویدار پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی بات کرتے ہیں ارکان اسمبلی کی مراعات کا معاملہ ہو یا مفادات یہ سب ہمیشہ شیر و شکر ہو جاتے ہیں جب بھی ارکان اسمبلی کی مراعات کا بل پیش ہوتا ہے قسم لے لو کوئی ایک بھی اس بل کی کبھی مخالفت کرتا ہو لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ ہر کوئی انقلاب لانے کے بلند و بانگ دعوے کرتا ہے اور سب کے پاس نہ جانے کتنے زرداری، کتنے میاں، کتنے مقناء، کتنے ذرا کو لا ہیں جو ملکی معیشت کی رگوں سے آخری قطرہ خون تک چوسنے کیلئے بے تاب رہتے ہیں۔ عوام کس پر مقدمہ کریں کس کو منصف کریں؟ چند سالچلے مسلم لیگ ن کی حکومت کے دور میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے نجی پاور کمپنیوں کو ایک ہفتہ کے دوران غیر قانونی طور پر 480 ارب ادا کئے دلچسپ بات یہ ہے کہ کمپنیوں نے خود 15% کم وصولی کا مطالبہ کیا سیکرٹری پانی و بجلی کو اضافی ادائیگی واپس لینے اور نجی پاور کمپنیوں کی پیداواری صلاحیت کا از سر نو آڈٹ کروانے کا حکم بھی دیا کیا منطقی انجام کیا ہوا؟ کوئی نہیں جانتا ایک اور خوفناک بات یہ بھی سننے میں آئی ہے کہ کچھ نجی پاور کمپنیوں کو فوٹو سینٹ کا پی پر ادائیگی کر دی گئی مال مفت دل بے رحم کی شاید اس سے بہتر مثال مل ہی نہیں سکتی۔ پاکستان کے ساتھ حکمرانوں کا یہ رویہ انتہائی افسوس ناک ہے یہ ساری باتیں ارکان پارلیمنٹ کے نوٹس میں ہیں جو ذاتی معاملات پر طوفان اٹھا لیتے ہیں بات بات پر ان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے قومی مفادات پر آواز بلند نہ کرنے کا مطلب ہے ارکان اسمبلی واقعی گونگے ہیں۔ گونگے کہیں کے۔ ایک نگران وزیر اعظم نے سوات میں اپنی والدہ محترمہ کی قبر پر فاتحہ پڑھی جو قوم کو 6 کروڑ میں پڑی، کسی ادارہ یا کسی شخصیت نے مجال ہے اس کا نوٹس بھی لیا ہو کہ جناب عوام کے ٹیکسز کے ساتھ یہ کیا کیا جا رہا ہے گونگے کہیں کے۔ ہمیں یقین ہے جتنے بھی عام انتخابات ہو جائیں ان کے نتیجہ میں بھی کچھ تبدیل نہیں ہوگا غریبوں کا یہی حال رہے گا اور ارکان اسمبلی بھی ان جیسے ہی آئیں گے یعنی ہم نہ ہوں گے تو کوئی ہم جیسا ہوگا مطلب انشاء اللہ حال و مستقبل میں بھی ماضی جیسے گونگے ہی منتخب ہوں گے۔

عالمی معاشرے میں عورت کا کردار اور مقام

عروبہ عدنان

عورت معاشرے کا ایک لازمی، ناقابل تردید اور قابل قدر کردار ہے۔ اس کی اہمیت کسی طور بھی مرد سے کم نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تخلیقی درجے میں دونوں کا مقام یکساں رکھا ہے۔ اور اشرف المخلوقات میں بھی یہ رتبہ برابر کا ہے مگر صد افسوس کہ خواتین کے حقوق کو تقریباً دنیا کا ہر معاشرہ رد کرتا ہے اور اسے حقیقی مقام دینے سے قاصر ہے۔ دنیا کے مختلف معاشرتی رویوں پر نظر ڈالی جائے تو صرف اسلامی معاشرہ ہی واحد معاشرہ ہے جس نے عورت کو اسکا حق دے کر اسے اعلیٰ و ارفع مقام پر فائز کیا۔

اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے 90 میں سے 85 معاشروں میں عورت پر تشدد کیا جاتا ہے اور خواتین پر تشدد دراصل اس بیمار ذہنی سوچ کی عکاسی ہے جو خواتین کو ان کا جائز مقام اور حق دینے کو کسی طرح تیار نہیں۔ اس بیمار اور قبیح سوچ کو رفع کرنے کے لیے اقوام متحدہ ہر سال 25 نومبر سے 10 دسمبر تک خواتین پر جنسی تشدد کے خلاف عالمی مہم چلاتی ہے۔

خواتین پر تشدد کی کئی صورتیں ہیں جن میں جسمانی تشدد، جنسی تشدد، نفسیاتی تشدد اور معاشی تشدد شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کی 2012 کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں 54 ہزار لڑکیاں 2012 میں جسمانی تشدد کے باعث ہلاک ہوئیں جن میں 30 ہزار لڑکیاں جنوبی ایشیاء سے تعلق رکھتی تھیں۔

خواتین میں جنسی تشدد کے حوالے سے اعداد و شمار کا جائزہ لیں تو اس فہرست میں جو ممالک سب سے پہلے نظر آتے ہیں وہ ترقی یافتہ اور آزادانہ سوچ کے مالک ایسے ممالک ہیں جو خود کو آزادی، نسواں کے علمبردار کہلاتے ہیں۔ اس میں سب سے پہلا نام امریکہ کا آتا ہے جو خود کو سب سے زیادہ مہذب اور روشن خیال ملک کہلاتا ہے امریکہ میں ہر چھ میں سے ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔

دوسرے نمبر پر ساؤتھ افریقہ آتا ہے جو جنسی تشدد کے حوالے سے دنیا میں بدنام ترین ملک جانا جاتا ہے۔

تیسرے نمبر پر سویڈن ہے جہاں ہر چار خواتین میں سے ایک جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔

چوتھا نمبر ہندوستان کا ہے جہاں ہر بائیس منٹ کے بعد ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔

پانچویں نمبر پر ترقی یافتہ، لبرل ملک انگلینڈ ہے جہاں 16 سے 55 سال کی عمر کی ہر پانچ میں سے ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔

چھٹے نمبر پر ٹیکنالوجی کا بادشاہ جرمنی آتا ہے

ساتویں نمبر پر فرانس کا نام ہے۔

آٹھواں بڑا ملک کینیڈا ہے جہاں خواتین سے بدسلوکی اور ان پر تشدد کے 918,516,2 کیسز 2001 سے لے کر اب تک رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔

نویں نمبر پر سری لنکا آتا ہے۔ یہ بھی مسلم ملک نہیں۔

دسویں نمبر پر ایتھوپیا آتا ہے جہاں کی ساٹھ فیصد خواتین کو جسمانی تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس فہرست سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسلامی معاشرے کے علاوہ ہر معاشرہ عورت کو اسکا اصل مقام دینے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔

حیرت کی بات یہ کہ اس فکر انگیز رپورٹ کے باوجود یہ تمام ترقی یافتہ، آزاد سوچ کے مالک ممالک خود کو آزادی، نسواں کے علمبردار گردانتے ہیں۔

پاکستان میں ڈیموگرافک (جاری ہے)

ذرا جرأت کے ساتھ

میر اسلم رند

ٹریفک مسائل کے حل کیلئے اہلکاروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔

صوبائی دارالحکومت میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور شہر کے بے ہنگم پھیلاؤ اور ٹریفک اہلکاروں کی کمی کسی ظلم سے کم نہیں، سڑکوں کے تنگ ہونے کی وجہ سے ٹریفک مسائل میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہے ہیں آج کوئٹہ شہر کی آبادی میں 1000 گنا اضافہ ہو چکا ہے مگر شہر کی سڑکیں وہی پرانے ماسٹر پلان کے تحت موجود ہیں ان سڑکوں کو 1935 کے زلزلے کے بعد 50 ہزار افراد کے لئے ڈزائن کیا گیا تھا آج ان سڑکوں پر 35 لاکھ لوگوں کا گزر ہوتا ہے ہم نے بارہا کہا ہے کہ کوئٹہ میں ٹریفک انجینئرنگ بیرو جلد سے جلد بنایا جائے لیکن ہمارے حکمران جو صرف وی آئی شاہراہوں سے گزرتے ہیں ان کو کوئی احساس نہیں ہے، پچھلے 20 سالوں سے ٹریفک انجینئرنگ بیرو کی سمری وزیر اعلیٰ آفس میں پڑی ہے لیکن آج تک منظور نہیں ہو سکی جو کوئٹہ کے عوام کے ساتھ ظلم سے کم نہیں، ٹریفک کنٹرول کرنے کیلئے ٹریفک پولیس کے پاس وسائل محدود ہیں اور کم نفری کے ساتھ ٹریفک پولیس اپنے فرائض بہتر طور پر انجام دے رہے ہیں، تاہم ٹریفک پولیس اہلکاروں کی کمی کے باوجود ان کو اکثر اوقات وی آئی پیز کے پروٹوکول پر مامور کیا جاتا ہے جس کے باعث کوئٹہ کے مسائل روز بہ روز بڑھتے جا رہے ہیں۔ ٹریفک کے مسائل کے حل کے لیے ٹریفک پولیس کی تعداد میں فوراً اضافہ کیا جائے اور چوراہوں پر ٹریفک سگنلز اور گاڑیوں کے لئے پارکنگ پلازہ تعمیر کئے جائیں اس کے علاوہ شہر میں گورنمنٹ کی جتنی زمینیں موجود ہیں اس پر ایمرجنسی بنیادوں پر پارکنگ پلازیں بنائیں جائیں تب جا کر ٹریفک کے مسائل حل ہونگے ورنہ عوام اسی طرح رلتی رہے گی ابھی تو اسکول بند ہے جب اسکول کھلے گے تو اس شہر کا کیا حال ہوگا، بعض سڑکوں کو کشادہ کیا جا رہا ہے جس میں سریاب روڈ، سرکی روڈ، پرنس روڈ، فیلیٔ روڈ، قمبرانی روڈ شامل ہیں لیکن اس شہر میں مین چوراہوں کو بھی ایمرجنسی بنیادوں چھوڑا کیا جائے جس میں امداد چوک، سفیر مسجد چوک، گوالمنڈی چوک۔ امداد چوک۔ ملتان چوک، شامل ہے اس کی علاوہ ان حالات میں ٹریفک کی نفری بڑھانا ناگزیر ہو چکا ہے لہٰذا ہم عوام کی طرف سے آئی جی بلوچستان و ڈی آئی جی سے مطالبہ کرتے ہیں جیسے آپ حضرات نے امن امان کے لئے خصوصی فورس تشکیل دیا اسی طرح سے ٹریفک کے مسائل اور شہر کے مفاد میں ٹریفک نفری کو بھی بڑھایا جائیں آخر میں عرض اور التجاء ہے ان وی آئی پی لاڈلوں کے لئے 50 بندوں کی ٹیم علاوہ بنائی جائے تاکہ ان کی وی آئی پی پروٹوکول کی وجہ سے عوام اثرات نہ پڑے کل شام 4 بجے ڈی آئی صاحب کے ساتھ میری میٹنگ ہے انشاءاللہ اس موضوع پر ضرور بات کروں گا۔

تہ مرگ دم تک ہمت وحوصلہ

میر سعید اللہ بزنجو

کیا زخم ہے وہ زخم کہ مرہم نہیں جس کا کیا درد ہے جس دل کا کوئی محرم نہیں جس کا یہ دنیا کے غم آخر ایک دن ختم ہی ہوں گے اور انسان کو اپنے آخری سانس تک اپنے مشکلات سے نکلنے کیلئے کوشش کرنا ہی پڑے گا اور کرنا ہی چاہیے تب جا کر کامیابی نصیب ہوگا اگر انسان دل برداشتہ ہو کر اپنے فرائض منصبی سے یا زندگی کے کسی بھی پہلو سے ہار کو تسلیم کر لیتا ہے تو اس کی زندگی وہی پر ختم ہوگی ہم سب کو چاہیے کہ زندگی کے سامنے کبھی بھی گھٹنے نہ ٹیکیں تب جا کر خواہشات اور کامیابی قدم چومے گی۔

مشکلات کا سامنا سبھی کو کرنا پڑتا ہے۔ زندگی میں کسی نہ کسی وقت مشکل یا پریشانی ہر ایک کو پیش آتی ہے۔ اگر دو چار پریشانیاں جمع ہو جائیں تو کہا جاتا ہے کہ مصائب کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے۔ مشکلات اور برے دنوں سے نجات کی تمنا کس کو نہیں ہوتی۔

جب ہم کسی چیز کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے کوشش کی راہ میں کئی قسم کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں جب ان رکاوٹوں کو دور کرنے کی قدرت ہم میں نہیں رہتی تو ہم جھنجلاتے ہیں اور ہمت ہار بیٹھتے ہیں جہاں ہم نے ہمت ہاری بس سمجھ لیجئے رائی بھی پہاڑ بن گئی اب پہاڑ ہم کیسے عبور کریں؟ کیسے کرنے کی بات تو بعد میں پیدا ہوگی پہلے یہ بات ذہن میں اچھی طرح محفوظ کر لیجئے کہ اس پہاڑ کو تو عبور کرنا ہی پڑے گا کیونکہ یہ راستے میں حائل ہے جو کامیابی تک پہنچتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ اگر آپ اس پہاڑ کو عبور کرنے کا خیال دل سے نکال دیں گے تو پھر یقین کیجئے کہ مصیبتوں سے چھٹکارا پانا آپ کے بس کی بات نہیں رہے گا۔

مشکلات آپ کو اس وقت تک مصروف رکھتی ہیں جب تک آپ ان سے چھٹکارا حاصل نہ کر لیں جب تک آپ کے اندر مستقل عمل کی (جاری ہے)

کلبھوشن کیس بھارت آخر چاہتا کیا ہے (آخری قسط)

حنید لاکھانی

الزام میں گرفتار ہو چکا ہے، ایک اور بھارتی جاسوس رویندرا کوشک، رام راج، سرجیت سنگھ، بخش رام، دیو دساسی سمیت دیگر بھارتی ایجنٹ پاکستان میں تخریب کاری کے لیے استعمال ہوتے رہے ہیں یہ وہ سب دہشت گرد جاسوس لوگ تھے جن کے ذریعے بھارت پاکستان میں دہشت گردی پھیلاتا ہے اور دہشت گرد تنظیموں کی براہ راست حوصلہ افزائی اور فنڈنگ کرتا ہے تاکہ تحریک طالبان اور بلوچ لبریشن آرمی جیسے انتہا پسندوں کو پاکستان کی سلامتی کے خلاف استعمال کیا جا سکے، پاکستان نے جب مارچ دو ہزار سولہ میں بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کی گرفتاری کی خبر اور ایک ویڈیو بھی جاری کی جس میں کلبھوشن یادیو اپنے اعترافی بیان میں یہ کہہ رہا ہے کہ وہ انڈین نیوی کے ایک حاضر آفسر ہیں اور بلوچستان میں ان کے آنے کے مقاصد، بلوچ علیحدگی پسندوں سے ملاقات کرنا تھی جن کو انڈیا پاکستان کے خلاف امداد مہیا کرتا ہے۔

پاکستان میں فوجی عدالت کی جانب سے اپریل 2017 میں کلبھوشن یادیو کو جاسوسی تخریب کاری اور پاکستان میں دہشت گردی کرنے الزام میں سزائے موت سنائی تھی جو انڈین حکام کو شاید پسند نہ آیا جس پر انہوں نے مئی 2017 میں کلبھوشن یادیو کی سزا معطلی کے لیے عالمی عدالت انصاف کا دروازہ کھٹکھٹایا اور یہ اپیل کی کہ کلبھوشن کی سزا کو معطل کر کے اسے رہا کروایا جائے۔ لیکن تمام ثبوتوں کو دیکھتے ہوئے عالمی عدالت انصاف نے بھارت کی اس استدعا کو بری طرح سے نظر انداز کر دیا تھا تاہم یہ حکم ضرور جاری کیا کہ پاکستان اپنی مرضی کے مطابق مجرم کو قونصلر تک رسائی دے اور چاہے تو سزائے موت پر نظر ثانی کرے مگر یہ کیا کہ جب پاکستان بھارت کی تمام خواہشات کے مطابق کہ کوئی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ نہیں ہوگی اور درمیان میں کوئی شیشہ بھی نہیں ہوگا اس کے باوجود انہوں نے خود کی اور اپنے جاسوس کی ہرزہ سرائی پوری دنیا میں کروائی ہے وہ اب سب دیکھ چکے ہیں، ہم دیکھ رہے کہ پاکستان نے اس جزبہ خیر سگالی کے جزبے کو جاری رکھتے ہوئے تیسری بار بھی بھارت کو قونصلر رسائی کی پیشکش کر ڈالی ہے۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی اس بھرپور پیشکش کا بھارتی حکام نے اس لیے فائدہ نہیں اٹھایا کہ کسی بھی طرح سے پاکستان کو اس انسان دوست قدم کا کریڈٹ نہ مل سکے لہٰذا یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ اسلام آباد میں انڈین ہائی کمیشن کے لوگوں نے کلبھوشن سے گفت وشنید نہیں کی اور اس کے چھڑانے چلانے کے باوجود چلے گئے۔

انڈین ہائی کمیشن نے جو بلاوجہ کے اعتراض اٹھائے ہوگئے وہ یقینی طور پر ان کی کج فہمی کا نتیجہ ہے کہ انہوں نے اپنے لیے ایک اچھے موقع کو گنوا دیا ہے، کیونکہ کلبھوشن کا چھڑانا چلانا یہ بتا رہا تھا کہ وہ انڈین ہائی کمیشن کے لوگوں سے پوچھ سکے اسے اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپنے بچاؤ کے لیے اپیل کرنی چاہیے کہ نہیں، علاوہ ازیں وہ اپنی فیملی کو بھی کچھ پیغامات دینے کی خواہش رکھتا ہوگا، یہاں اس بات کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ پاکستان کی یہ پیشکش کہ کلبھوشن اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپنے فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتا ہے ایک بہت بڑی رعایت ہے جو عموماً اس قسم کے جاسوسوں، دہشت گرد اور ملک دشمنوں کو نہیں ملنی چاہیے اور وہ دشمن جو اپنی تمام سازشوں کو بغیر کسی دباؤ کے قبول کر چکا ہوں، لیکن پھر بھی پاکستان نے اپنے رویئے میں نرمی پیدا کی اور اپنی صفائی کا ایک اور موقع فراہم کیا۔

اب ذرا ہم اس بات کی طرف آتے ہیں کہ بھارت ایسا کیوں کر رہا ہے اور وہ چاہتا کیا ہے؟ 238 یہ بات پوری دنیا ہی جان چکا ہے بھارت کے سفاک اور بے رحم ملک ہے جس کی ہسٹری میں انسانیت کے ساتھ رحم کرنے والی کوئی تاریخ موجود نہیں ہے کیونکہ جو وہ اپنے ملک میں مسلمانوں سمیت دیگر اقلیتوں کے ساتھ کر رہا ہے اور جس طرح سے پوری دنیا یہ دیکھ رہی ہے کہ بھارت نہتے اور مظلوم کشمیریوں کے ساتھ جو ظلم و ستم کر رہا ہے وہ اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی ہے لہٰذا اب اس بات کے ثبوت بھی واضح ہو چکے ہیں کہ بھارت پاکستان کا امن تباہ کرنے کے لیے فنڈنگ کرتا ہے پاکستان کے خلاف دہشت گردوں کو اسلحہ فراہم کرتا ہے انہیں تیار کرتا ہے تاکہ پاکستان کشمیر کے ایشو سے پیچھے ہٹ جائے۔

بھارت یہ بھی جان چکا ہے کہ جو ان کا جاسوس پاکستان میں پکڑا جاتا ہے وہ کسی بھی لحاظ سے ان کے کسی کام کا نہیں رہتا ہے اور میرا تجزیہ یہ ہے کہ اب جس طرح سے قونصلر رسائی کو ٹھکرا کر بھارتی ہائی کمیشن کلبھوشن سے ملے بغیر چلا گیا ہے اس سے بہت سے رازوں سے پردہ اٹھ چکا ہے جس میں پہلے نمبر پر یہ ہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ بھارت اپنے جاسوس کلبھوشن کو رہا کروانے میں اب سنجیدہ دکھائی نہیں دیتا جس کی وجہ تمام ثبوتوں اور شواہد کا منظر عام پر آنا ہے جس کا جواب خود بھارت کے پاس بھی موجود نہیں ہے لیکن اس کے باوجود ایسا لگتا ہے کہ بھارت کلبھوشن کی پھانسی کو عالمی دنیا میں کیش کروانے کا ارادہ رکھتا ہے مطلب یہ کہ ہندوستان کے یہ سفارتکار اور ان کے دیگر حکام یہ چاہتے ہیں کہ کلبھوشن ہائی کورٹ میں اپیل نہ کرے اور اس کی موت اور سزا کا معاملہ یونہی پھنسا رہے۔ اور سب سے بڑھ کر ہندوستان یہ بھی چاہے گا کہ کلبھوشن کی سزا پر عملدرآمد ہو تاکہ بھارت پاکستان کے خلاف عالمی سطح پر پروپیگنڈہ کر سکے کیونکہ پورپ کے اندر موت کی سزا کی بہت مخالفت ہے اور بھارت اسی یورپی جزبے کو پاکستان کے خلاف استعمال کر لیگا مگر یہ سب کرنے کی سوچ رکھنے والا بھارت یہ بھی اچھی طرح جان لے کہ صرف پورپین ممالک میں نہیں بلکہ پوری دنیا اس وقت بھارت کے اس جارحانہ رویے کو بھی دیکھ رہی ہے جو انہوں نے کشمیریوں کی نسل کشی کے لیے مقبوضہ کشمیر میں جاری رکھا ہوا ہے۔۔ ختم شد

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

آغا گل اور بلوچستان کا فکشن ادب

آغا گل دنیائے ادب میں بلوچستان کی پہچان ہے۔ اُس کا قلم جب بھی لکھتا ہے بلوچستان کی خوشبو صفحہ قرطاس پر بکھر جاتی ہے اور دشت کھیلا کے گوارخ جا بجا کھل اُٹھتے ہیں۔

ایسا کیوں ہوتا ہے؟

اس کا جواب اُس کے قارئین یوں دیتے ہیں کہ آغا گل کے لب و لہجے میں بلوچستان بولتا ہے۔ اُس کے اندر بلوچستان کا صبر گزیدہ، نوشکل کی تاوڑ جھیل، چاغی کا راسکوہ، قلات کی وادی، ہربوئی، ناگل کا مٹوالہ ڈھاڈر کا نازی گیج، نصیر آباد کی ہریالی، بولان کے پہاڑ، اور گوادر کا نیلگوں پانی بولتا ہے۔

آغا گل بنیادی طور پر فکشن رائٹر ہیں اُن افسانے "سونے کی بھوک" فکشن ادب میں خوبصورت اضافہ ہے۔

آغا گل خود رقمطراز ہیں۔۔۔۔۔

فکشن ادب وہاں سر اُبھارتا ہے جہاں مجاہد پیدا ہوتے ہیں۔ جہاں حسین بن صباح جیسے لوگ جنت میں جانے کے لیے خودکش کی راہ ہموار کر

شال بقیہ 1

عمارتوں، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو نقصان پہنچا۔ دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لیکر زخمیوں کو تربت ہسپتال منتقل کردیا جبکہ دھماکے کے بعد تربت بازار مکمل طور پر بند ہوگیا، سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق دھماکے کا ہدف سیکورٹی فورسز کا قافلہ تھا جو معجزانہ طور پر محفوظ رہا، فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد طزمان کی تلاش شروع کردی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے تربت دھماکے کی مذمت کی ہے، وزیراعلیٰ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں دہشت گردی کے واقعہ میں قیمتی انسانی جان کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مذموم مقاصد کے حصول کے لئے بے گناہ لوگوں کا خون بہانے والے سخت ترین سزا کے مستحق ہیں ملک دشمن عناصر کے ایجنڈے کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے بلوچستان میں ترقی اور امن کا عمل ہر صورت جاری رہے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ چند عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کے لئے بدامنی پیدا کرکے بلوچستان کو پسماندہ رکھنا چاہتے ہیں بلوچستان کے محب وطن عوام کے تعاون سے سیکورٹی فورسز دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے پرعزم اور متحرک ہیں انہوں نے ایک بیان تربت میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بم دھماکے کے شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا انہوں نے کہا کہ نہتے اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں دہشتگردی کیخلاف جنگ فیصلہ کن ہے، پاک فوج، سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردوں کو شکست سے دوچار کررکھا ہے صوبے میں بدامنی پھیلانے کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، وزیر داخلہ نے ڈپٹی کمشنر پنجگور کو بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کے طبی امداد میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھے جبکہ سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں کی سیکورٹی سخت کرنے کی ہدایت اور متعلقہ حکام سے دھماکے کی رپورٹ فوری طور پر طلب کرلی۔

شال بقیہ 2

ایجوکیشن آفیسر بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ ٹریڈ فرمان زرکون نے اجلاس کو ایجنڈا پوائنٹس پر بریفنگ دی، اجلاس میں ادارے کی تکنیکی استعداد کار، انویسٹمنٹ پروموشن، سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی، اسلام آباد، کراچی اور گوادر میں رابطہ دفاتر کے قیام، حکومت بلوچستان کی جانب سے سرمایہ کاروں کے لئے مراعاتی پیکج اور پالیسی، بلوچستان کے ترجیحی منصوبوں کی فزیبلیٹی اسٹڈی، سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے انویسٹمنٹ کے انعقاد کی منظوری دی گئی، اجلاس کو سی ای او، پی پی اے اینڈ ٹریڈز نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ادارے کی ویب سائٹ کی ازسرنو تشکیل اور ڈیٹا بیس تیار کرکے سرمایہ کاری کے مواقعوں اور صوبے میں جاری ترقیاتی عمل کو اجاگر کیا جائے گا، دوست ممالک جن میں جرمنی، چین، آسٹریلیا، یو اے ای، سعودی عربیہ اور ترکی شامل ہیں میں سرمایہ کاری کے سیمینار اور روڈ شوز کے انعقاد کے لئے سالانہ کیلنڈر بنایا گیا ہے، مراعاتی پیکج کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے فنی شعبہ کو تکنیکی معاونت بھی فراہم کی جائے گی، اجلاس میں بلوچستان انویسٹمنٹ پالیسی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے فریم ورک کی تیاری کا فیصلہ کیا گیا جبکہ پی پی اے اور ٹریڈ کے دفتر کے لئے جدید سہولتوں سے آراستہ عمارت کے قیام اور سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن کی سہولت کی فراہمی کا فیصلہ بھی کیا گیا، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ معدنیات، لائیو اسٹاک، الیکٹرانک صنعتی زونز اور پارٹ ٹریڈ مارکیٹس کے قیام کے بنیادی ڈھانچہ کی فراہمی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کو سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

شال بقیہ 3

پرامن بلوچستان کا ماحول خراب کرنے کی ناپاک سازش کررہے ہیں ایسے عناصر کسی طرح بھی رعایت کے مستحق نہیں معصوم انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کو عبرتناک سزا دی جائے میر عمر خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے بیرونی دشمنوں کی ناپاک عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں پولیس اور سیکیورٹی فورسز ایسے عناصروں کے مذموم مقاصد کو مٹی میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں بلوچستان کے حالات خراب کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے انکا کہنا تھا کہ دہشتگردوں کی کوئی قوم نہ ہی مذہب ہوتا ہے بلوچستان کے عوام ایسے عناصروں کے خلاف اپنے محافظ اداروں کی پشت پر کھڑے ہیں ملکی سلامتی اور بقا کے لیے پوری قوم متحد ہے ایسے واقعات سے قوم کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا ہمیشہ کی طرح پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ڈٹے ہوئے ہیں وہ وقت دور نہیں شرپسند عناصروں کو شکست فاش نصیب ہوگی اور ہمارے محافظ ادارے سرخرو ہونگے میر عمر خان جمالی نے کہا کہ صوبے کے پرامن ماحول کے قیام میں پولیس سیکیورٹی فورسز سمیت عوام نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے جام شہادت نوش کی شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

شال بقیہ 4

بلوچستان نے دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی دریں اثناء گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ دنیا بڑی تیزی سے اپنی کروٹیں بدل رہی ہے جسکے نتیجے میں صحت کے شعبے میں بھی وسعت اور جدت پیدا ہورہی ہے، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ صوبے میں پہلی میڈیکل یونیورسٹی کے قیام کے بعد اب ہم صوبہ بھر کے میڈیکل شعبہ سے وابستہ افراد کو جدید طب کی تعلیم سے آراستہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، لہٰذا ضروری ہے کہ تمام متعلقہ افراد یونان میڈیکل یونیورسٹی کی مزید کامیابی اور سرخروئی کیلئے مخلصانہ کاوشیں کریں۔

شال بقیہ 5

ڈی پی جو ترقیاتی کاموں کا سمع ہے عدالتوں میں قوانین کی خلاف ورزی پر زیر سماعت ہے گندگوفس اور بلوچستان کے لوگوں کی تقدیریں بدلنے والوں نے صوبے میں کرپشن اور کمیشن کا بازار گرم کررکھا ہے۔ ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی قسم کے معیار کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا جارہا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کا احساس محرومی کم ہونے کی بجائے مزید بڑھ رہا ہے جسکے منفی اثرات پورے ملک پر پڑیں گے اگر وفاقی اور صوبائی حکومتیں ملک وصوبہ چلانے سے قاصر ہیں تو وہ مستعفی ہوکر گھر چلی جائے لیکن ملک اور صوبے کے ساتھ کئے جانے والے نت نئے تجربات سے صورتحال بہتر ہونے کی بجائے مزید خراب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اب صوبائی حکومت عوام کے مسائل میں اضافے کا سب سے بڑا سبب ہے پاک افغان وایران بارڈر کی بندش سے صوبے کی معاشی بدحالی انتہا کو پہنچ گئی ہے صوبے کے نااہل حکمران اقتدار کے نشے میں دھت ہوکر عوام کا معاشی قتل کررہے ہیں تاجروں اور کاروباری افراد کی چیخیں آسمان کو پہنچ رہی ہیں مگر نااہل وفاقی وصوبائی حکومت ٹس سے مس نہیں ہورہی۔

شال بقیہ 6

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان کی صوبائی نشستوں میں اضافے کا آئینی ترمیمی بل ایوان بالا سے متفقہ طور پر منظور ہونے پر سینیٹر احمد خان، سینیٹر کہدہ بابر، سینیٹر منظور احمد کاکڑ، سینیٹر نصیب اللہ بازئی، سینیٹر انوار الحق کاکڑ، سینیٹر سرفراز احمد بگٹی سمیت بلوچستان کے دیگر سینیٹرز کے اقدامات کو سراہتے ہوئے بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹرز کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ترمیم تجویز آئین کے آرٹیکل 106 کے تحت بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹرز نے پیش کیا تھا اور ایوان بالا میں ترمیم کی کسی نے مخالفت نہ کرنا بلوچستان عوامی پارٹی کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے آبادی میں مسلسل اضافے کے باعث صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ ناگزیر ہے اور اس میں اضافہ نہ کرنے پر عوامی حلقوں میں تشویش پائی جاتی تھی لیکن موجودہ چیئرمین سینیٹ اور سینیٹ کے معزز اراکین نے قومی اسمبلی سے منظوری کے بعد بلوچستان اسمبلی کی نشست 63 سے بڑھا کر 80 کردی جس پر بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکن اور بلوچستان کے عوام ان کے تہہ دل سے مشکور ہیں جن کی کاوشوں سے بلوچستان کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا جو عرصہ دراز سے تعطل کا شکار تھا انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت اپنے وعدے کے عین مطابق بلوچستان کی ترقی کے لئے نہ صرف پرعزم ہے بلکہ اس حوالے سے نتیجہ خیز اقدامات اٹھا رہی ہے۔

شال بقیہ 7

قربانیوں سے دہشتگردی کو بلوچستان میں ختم کردیا گیا ہے، بلوچستان میں مثالی امن قائم ہے جو برقرار رہے گا، انہوں نے کہا کہ آج سے چار ماہ پہلے کورونا کا پہلا کیس بلوچستان میں رپورٹ ہوا جبکہ چار ماہ بعد کورونا کے گزشتہ 24 گھنٹوں میں صرف 5 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں کیسز میں کمی آئی ہے کیسز جون کے مقابلے میں 50٪ فیصد کمی ہوئی ہے کہ صحتیاب افراد کی شرح 80٪ ہے جو خوش آئند ہے دیگر صوبوں سے بلوچستان کے صحتیاب افراد کی شرح زیادہ ہے کورونا سے جاں بحق افراد کی شرح 1٪ فیصد ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 1500 ٹیسٹ کرنے کی روزانہ کی بنیاد پر ٹیسٹ کرنے کی صلاحیت ہے عید الفطر کے کیس میں اضافہ ہوا ہے تاہم عید کے بعد پورے ملک میں کیسز میں اضافہ ہوا عید قربان پر بھی کیسز میں اضافہ یا خدشہ ہے شہریوں سے اپیل ہے کہ ایس او پیز پر عمل درآمد کریں بہت جلد بلوچستان سے کورونا ختم ہونے کو ہے۔

شال بقیہ 8

ہوا جس میں عید الاضحیٰ کے حوالے سے مشاورت اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں مولانا انوار الحق حقانی، ڈاکٹر عطاء الرحمن، علامہ جمعہ اسعدی، داؤد آغا، علامہ ہاشم موسوی، عصمت اللہ سالم، علامہ مقصود علی ڈومکی، پیر خالد سلطان، عبدالرحیم کاکڑ، عبدالرحیم آغا سمیت دیگر نے شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ نے کہا کہ امسال عید اور اسکے بعد بہت سے مختلف تھریٹ ہیں خطے میں رونما ہونے والے حالات کے تناظر میں ایسی صورتحال پیش آتی رہتی ہے اس بار ہمیں جنرل تھریٹ، امن امان خراب کرنے کے لئے شرپسندی، آئی ای ڈی، خودکش حملوں سمیت دیگر اقسام کے خطرات لاحق ہیں جن کے مثبتی تدارک کے لئے علماء کرام، سماجی، سیاسی اور تاجر رہنماؤں سمیت معززین شہر کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ عید سے قبل سیکورٹی کے انتظامات سخت کردیئے گئے ہیں ہماری کوشش ہے کہ ہم ان خطرات کو جہاں سے ابھر رہے ہیں وہیں پر ختم کردیں عید کے بعد محرم الحرام کے حوالے سے بھی خطرات لاحق ہیں دہشتگرد ہر سال ہماری سیکورٹی کا پیٹرن پڑھتے اور اسے سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے ہر سال سخت سے سخت تر انتظامات کئے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 9

کاروں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی جس کیلئے دن ونڈو آپریشن کا آغاز کیا جارہا ہے جس میں متعلقہ محکموں کے آفیسر بیٹھیں گے اور اسکا مقصد کیو ڈی اے کی طرف سے لوگوں کو این او سی کے حصول کے عمل کو بھی آسان بنایا جائیگا اور دن ونڈو آپریشن کے آغاز سے این او سی کے حصول کا زیادہ سے زیادہ وقت 15 سے 20 دن ہوگا انہوں نے کہا کہ تعمیراتی شعبے کو درپیش تمام چیلنجوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے اجلاس منعقد کیا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی سربراہی میں ہاؤسنگ، تعمیر و ترقی سے متعلق قومی رابطہ کمیٹی قائم کی گئی ہے جسکا مقصد لوگوں کو کم لاگت رہائش فراہم کرنا ہے، جو اپنے گھر کا خرچہ برداشت نہیں کرسکتے۔ یہ تعمیراتی صنعت سے متعلق اور سہولیات کی فراہمی میں آسانی کے لئے قوانین کو بھی آسان بنا دے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمارتوں کے ڈیزائین اور اسٹرکچر انجینیر تک قوانین کے مطابق ہوں تو اونچی عمارتوں کی تعمیر میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ بھی ہوگا۔

شال بقیہ 10

میں ملوث ہیں ان کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزاؤں کا مستحق قرار دیا جائے۔ مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ چند عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے بدامنی پیدا کرکے بلوچستان کو پسماندہ رکھنا چاہتے ہیں، بلوچستان کے محب وطن عوام کے تعاون سے سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے پرعزم اور متحرک ہیں۔ قاسم خان سوری نے کہا کہ زخمیوں کو علاج و معالجہ کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں، اپیکیر اور ڈپٹی اپیکیر نے دھماکے میں شہید ہونے والے کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور پسماندگان کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا۔

شال بقیہ 11

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں ملک کے داخلی و خارجی سیکیورٹی صورت حال اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف قمر جاوید باجوہ نے کور کمانڈرز کانفرنس میں افواج پاکستان کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور تیاریوں کو سراہتے ہوئے مظلوم کشمیریوں کی ہمت اور صبر و استقلال پر انہیں خراج تحسین پیش کیا جب کہ مقبوضہ کشمیر کی صورت حال اور لائن آف کنٹرول کی صورت حال پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس کے دوران آرمی چیف قمر جاوید باجوہ نے انسداد کورونا وائرس مہم اور انسداد ٹڈی دل مہم پر بھی گفت وشنید کی گئی، کورونا وبا کے دوران پاک فوج کے کردار کو تعریف کی گئی اور ٹڈی دل سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں خطرات کے مقابلہ کے لئے مسلح افواج کی آپریشنل تیاریوں اور ملک کو درپیش خطرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ عید الاضحیٰ اور محرم الحرام کے دوران وباء کے خاتمے کے لئے احتیاطی اقدامات پر مکمل عمل کیا جائے۔

شال بقیہ 12

ادویات بیچنے والوں کو سزائے موت ہونی چاہیے۔ منگل کو سپریم کورٹ میں چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں پانچ رکنی بینچ نے کورونا از خود نوٹس کیس کی سماعت کی جس سلسلے میں این ڈی ایم اے کا نمائندہ عدالت میں پیش ہوا۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس نے کہا کہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے ابھی تک اہم دستاویزات جمع نہیں کرائیں، الحفیظ گیمنی کی مشینری کو درآمد کرنے کی اجازت دینے کی دستاویز کہاں ہے، 3 بار حکم دینے کے باوجود دستاویز کیوں نہیں دیں؟۔ اسی دوران جسٹس اعجاز الاحسن نے پوچھا کہ طیارہ چارٹرڈ کرنے اور اس کی ادائیگیوں کی تفصیلات کہاں ہیں۔ عدالتی استفسار پر ڈائریکٹر ایڈمن این ڈی ایم اے نے کہا کہ الحفیظ گیمنی کی مشینری این ڈی ایم اے نے درآمد نہیں کی جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ابھی تک الحفیظ گیمنی کا مالک تک سامنے نہیں آسکا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اصل مسئلہ کسٹم اور دیگر قوانین پر عمل نہ ہونا ہے، کیا عدالت چیئرمین این ڈی ایم اے کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کرے، کیا عدالت وزیراعظم کو سفارش کردے کہ این ڈی ایم اے کے محکمے کو ہی ختم کردیں۔ عدالت کی برہمی پر سماعت کے دوران دستاویز پیش کی گئیں، جس پر جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ دستاویزات کے مطابق مشینری کی قیمت ظاہر نہیں کی گئی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ چارٹرڈ کے لیے ایک کروڑ 7 لاکھ سے زائد نقد رقم ادا کی گئی، چارٹر معاہدے کے مطابق ادائیگی کیسے کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 13

سے کورونا وائرس کے 28 کیس رپورٹ ہوئے جس کے بعد اب تک صوبے میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 11469 ہوگئی ہے جبکہ منگل کو مزید دو افراد کے انتقال کے بعد کورونا وائرس سے ہونے والی اموات کی تعداد 135 ہوگئی، رپورٹ کے مطابق صوبے میں مزید 320 افراد کورونا وائرس سے صحت یاب ہونے کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 9381 ہے جس کے بعد صوبے میں کورونا وائرس کے 1953 ایکٹو مریض باقی ہیں۔

شال بقیہ 14

ایف سی نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن افواج پاکستان ان کے اس مذموم عزائم کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے بعد ازاں میجر جنرل سرفراز علی نے سول ہسپتال تربت کا بھی دورہ کیا اور زخمیوں کی عیادت کی آئی جی ایف سی نے شہید اور زخمیوں کے اہل خانہ سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ آج شرپسند عناصر نے یہ ثابت کردیا ہے کہ ان کا مقصد صرف اور صرف بلوچستان کا امن تباہ کرنا ہے یہ شرپسند عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے غیور عوام اپنے مستقبل کو سنوار سکیں آج یہ حملہ بلوچستان کی عوام کے ابھرتے اور سنورتے مستقبل کو روکنے کے لیے کیا گیا ہے لیکن بلوچستان کے امن کے لئے افواج پاکستان ہر ممکن کوشش کریں گے اور ملک دشمن عناصر کو بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔ اور انشاء اللہ ان شرپسند عناصر کے خاتمے تک یہ جدوجہد جاری رہیگی۔

شال بقیہ 15

پارٹی کے اراکین صوبائی اسمبلی، پارٹی کے مختلف ڈویژن کے سربراہان سمیت سینیٹر رہنما شریک ہوئے۔ اجلاس میں اعتزاز احسن، قمر زمان کائرہ، اسلم گل، چوہدری منظور، حسن مرتضیٰ، عاصم محمود بھٹی، ثمینہ خالد گھرکی، زوہیب بٹ، موسیٰ کھوکھر، عمران اخوال، علامہ یوسف اعوان، ڈاکٹر نجام حفیظ، ڈاکٹر خالد جاوید جان، الطاف حسین قریشی، عزیز الرحمان چن، اسرار الحق بٹ، رئیس نبیل، ممتاز علی، شازیہ عابد اور بیرسٹر عامر سمیت دیگر موجود تھے۔ اجلاس میں صوبے کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ پیپلز پارٹی کو پنجاب بھر میں سیاسی طور پر مزید فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے پی پی پنجاب کے رہنماؤں کو بزدار حکومت کی ناکامیوں کو عوام میں اجاگر کرنے کا ٹاسک دیدیا۔

شال بقیہ 16

واحد کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ میڈیا کو خاموش کرانے کا حربہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ ہمارے لیے باعث شرمندگی ہے۔ سید نوید قمر نے کہا کہ ہم صحافی مطیع اللہ جان کے مبینہ طور پر لاپتا کیے جانے کی مذمت کرتے ہیں اور احتجاجاً واک آؤٹ کررہے ہیں۔ علاوہ ازیں مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے کہا کہ میڈیا کی آزادی جمہوریت کا حسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں بھی آزادی صحافت ایک بنیادی حقوق ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ حقائق چھپ نہیں کیے جا سکتے۔ بعد ازاں وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور علی محمد خان نے اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری سے درخواست کی کہ وہ وزارت داخلہ سے معاملے پر جواب طلب کریں۔

شال بقیہ 17

بعد ازاں رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین انوار الحق حقانی نے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ذی الحج کا چاند نظر نہ آنے کا اعلان کیا۔

شال بقیہ 18

لانی تو اسٹیبلشمنٹ ہے، اقتدار کو طول دینا لیگ اور پیپلز پارٹی نے دیا، ہمیں ان ہاؤس تبدیلی میں کوئی دلچسپی نہیں، ہمیں نئے الیکشن چاہئیں۔ منگل کو صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیب قانون پر ہمارے تحفظات کو سپریم کورٹ کے فیصلے نے توثیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ فیصلے میں تبصرہ نے نیب کی حقیقت کو عیاں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیب ادارے کو برقرار رکھنے کا کوئی جواز نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ نیب کو انتقام سیاسی انجینئرنگ کے لیے استعمال کیا گیا، اپوزیشن کی آواز کو دبانے کے لیے استعمال کیا گیا ہے، نیب کو جانبدار ادارہ قرار دیا گیا ہے، نیب کی اب کوئی حیثیت نہیں رہی۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدانوں کے خلاف نیب میں کیسز عدالتوں میں ہونے چاہئیں، لاپتہ افراد کے لواحقین آج بھی ان کے انتظار میں ہیں۔

شال بقیہ 19

ہوئے۔ امین الحق نے کہا کہ معاملہ عدالت میں ہے، کیس کھلنے یا بند رہنے سے متعلق عدالتی فیصلے کا انتظار کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت جو فیصلہ کرے ایک اچھے قانون پسند شہری کی طرح اسے خوش دلی سے تسلیم کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اور ان کے والدین یہ ضرور دیکھیں کسی کیس سے کوئی منفی رجحانات تو جنم نہیں لے رہے۔ انہوں نے کہا کہ جو نوجوان اس کیس میں آگے ہیں امید ہے وہ تعلیمی میدان میں بھی آگے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان صرف کھیل ہی نہیں تعلیم کے میدان میں بھی اپنے جوہر دکھائیں، امید ہے نوجوان اپنی تعلیم اور تندرست مند سرگرمیوں پر بھرپور توجہ مرکوز رکھیں گے، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی نوجوانوں کی صحت مند سرگرمیوں کیلئے ہمیشہ سہولت کار رہے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وسیع فیلڈ میں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے بھرپور مواقع ہیں، اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے آئی ٹی کے شعبے میں پاکستان کا نام روشن کریں۔

شال بقیہ 20

ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی صوبے کی محرومیوں، بدعنوانی کے خلاف آواز اٹھاتی رہیگی بدقسمتی سے بلوچستان کی محرومیوں کے خاتمے کے بجائے بدعنوان عناصر لوٹ مار و ذاتی مفادات میں دن رات مصروف ہیں صوبہ کے تمام ملازمین کی تنخواہیں و مراعات میں گزشتہ بجٹ میں کوئی اضافہ نہیں ہوا مگر سول سیکرٹریٹ کے اکثر محکمہ جات کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا جو دیگر محکموں کے ملازمین کیساتھ زیادتی ہے۔ بلوچستان کے قومی خزانے سے ان لوگوں کو نوازا جارہا ہے جو کرپٹ و بدعنوان ہیں۔ بجٹ تیاری حصہ لینے والے آفیسرز و بیوروکریسی کو بھاری تنخواہوں کے علاوہ دیگر تمام مراعات ملتے ہیں مگر پھر میں بجٹ تیار کرنے کے بہانے ان کو ہر سال ایک دو اضافی تنخواہ دی جاتی ہیں جو قومی خزانے اور دیگر محکمہ کے ملازمین کیساتھ زیادتی ہے۔

شال بقیہ 21

پیپر وسطی صوبہ میدان ورک کے ضلع سید آباد میں ایک مبینہ خودکش کار بم دھماکہ ہوا جس کا ہدف افغان فوجی قافلہ تھا۔ وزارت دفاع کے بیان کے مطابق اس دھماکہ میں افغان فوج کے 8 فوجی اہلکار جاں بحق اور 9 دیگر زخمی ہوگئے۔ افغان میڈیا کے مطابق طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اپنی ٹوئٹ پیغام میں حملہ کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے متعدد افغان فوجی کمانڈروں کو ہلاک وزخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

شال بقیہ 22

ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے مسلم لیگ (ن) کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا ہے حکمران صرف اور صرف ہمیں برا بھلا کہنے اور بے بنیاد الزامات لگا کر قیادت کی بدنامی کے ایجنڈے پر کاربند ہیں حکومت مسلم لیگ (ن) سے اس قدر خوفزدہ ہے کہ اس نے قومی ادارے بھی ہمارے خلاف استعمال کرلئے لیکن آج تک کچھ ثابت نہیں کرسکی اور نہ ہی کچھ ثابت ہوگیا کیونکہ ہماری قیادت کا دامن صاف ہے مسلم لیگ (ن) پر ایک ڈھیلے کی بھی کرپشن ثابت نہیں کی جاسکی جبکہ گزشتہ روز سپریم کورٹ کے فیصلے نے بھی یہ بات واضح کردی ہے کہ نیب کو صرف اور صرف سیاسی انجینئرنگ کے لئے استعمال کیا جارہا ہے جس کے ملکی حالات پر گہرے اور منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج مسلم لیگ (ن) عوام کے دلوں میں زندہ اور پہلے سے زیادہ مقبول ہے عوام حکومت کی بجائے ہماری طرف اپنے مسائل کے حل کے لئے دیکھ رہی ہے مشکل حالات میں خواجہ سعد رفیق اور دیگر قیادت نے ثابت قدم رہتے ہوئے جس جرات کا مظاہرہ کیا ہے اس سے حکمرانوں کی نیندیں اڑ چکی ہیں وہ دن دور نہیں جب موجودہ حکومت کا خاتمہ ہوگا اور مسلم لیگ (ن) ایک بار پھر عوام کے مسائل حل کرنے اور پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے مشن پر کارفرما ہوگی۔

شال بقیہ 23

برابر ہے اس سے پچھلے مالی سال 19-2018 کا سارہ 13 ارب 43 کروڑ ڈالر تھا جو جی ڈی پی کا 8.4 فیصد تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 20-2019 میں مجموعی برآمدات کی مالیت 22 ارب 50 کروڑ ڈالر رہی جب کہ اس کے مقابلے میں اس عرصے میں درآمدات کی مالیت 42 ارب 42 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 23 ارب 12 کروڑ ڈالر کی ترسیلات بھجوائیں۔ معاشی ماہرین کے مطابق گزشتہ مالی سال کے پہلے ششماہی میں درآمدی ڈیوٹی بڑھنے اور ڈالر کی قدر میں اضافے کے باعث درآمدات میں کمی ہوئی جب دوسری ششماہی کا ایک بڑا حصہ کورونا وبا کے باعث درآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی جس کی وجہ سے جاری حسابات کے خسارے میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔

شال بقیہ 24

ہوئے۔ جاوید غنی نے بریفنگ میں کہا کہ اس اسکینڈل میں کسٹمز ڈپارٹمنٹ کے انسپکٹر، پرنسپل آپریٹرز، سپرنٹنڈنٹ، گیٹ کیپر اور ڈرائیورز ملوث ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 328 گاڑیاں کسٹمز سے کلیئر ہوکر داخل ہوئیں جبکہ 113 گاڑیاں اور 900 پک اپ بھی اسی طرح کسٹمز کلیئرنس کے بغیر داخل ہوئیں، ٹرکوں میں خشک میوہ جات، پھل سبزیاں شامل تھیں۔ انہوں نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات کے لیے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) تشکیل دی گئی تھی، جس نے اپنی تحقیقات مکمل کرلی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کیس کی تحقیقات کے لیے ایف آئی اے کو بھی لکھا گیا لیکن جواب نہیں آیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے تحقیقات کے حوالے سے ایف بی آر کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں ایف آئی اے اور آئی بی حکام کو طلب کرلیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے اس موقع پر کہا کہ اس معاملے کی ایک ماہ میں انکوائری رپورٹ پیش کردیں گے اور ملوث افراد کے خلاف ثبوت کی بنیاد پر کارروائی کی جائے گی۔

شال بقیہ 25

نے کہا کہ فوجی عدالتوں سے ٹرائل کے بعد مجرمان کو سزا ہوئی، ہر کیس کے اپنے شواہد اور حقائق ہیں، کیا مجرمان رہائی کے فیصلے کے بعد جیلوں میں ہیں؟۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ مجرمان جیلوں میں ہیں، عدالت ہائی کورٹ کے فیصلے کو معطل کرے۔ کیس کی سماعت جمعہ کو دوبارہ ہوگی۔ یاد رہے کہ پشاور ہائی کورٹ نے 196 دہشتگردوں کی رہائی کا حکم دیا تھا، فوجی عدالتوں میں تمام دہشتگردوں کا ٹرائل ہوا تھا۔

شال بقیہ 26

دیا حادثے میں 8 سالہ بچہ محمد حنیف موقع پر جاں بحق ہوگیا حادثہ لیویز تھانہ کھڈ کوچہ کے سامنے پیش آیا لیویز فورس نے مسافر کوچ کو قبول میں لیکر کارروائی شروع کردی۔

شال بقیہ 27

ستمبر سے کھولنے کا فیصلہ کرلیا، تعلیمی ادارے کھولنے سے قبل اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے میں کورونا کی صورتحال کا حتمی جائزہ لیا جائے گا، اس بات کا فیصلہ چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا جس میں سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم غلزئی، سیکرٹری سیکنڈری

حکومت کی اولین ترجیح اجتماعی نوعیت کے منصوبے ہیں، نور محمد دمڑ

بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اور عوام کو روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے صوبائی حکومت سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہیں

بلوچستان میں ترقی کے حوالے سے ہواؤں کا رخ بدل چکا ہے، مرکزی رہنما، بلوچستان عوامی پارٹی وصوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبداللہ دوس بزنجو کو کتاب کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

برناٹی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ قوم پرست اور مذہبی جماعتیں بلوچستان میں وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے نالاں ہو رہے ہیں اپنے دور حکومتوں میں تو عوام کیلئے کچھ نہ کرنے والے موجودہ حکومت کی جانب سے صوبے کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے سے ناخوش نظر آرہے ہیں کرونا وائرس ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوا ہے احتیاط ہی کرونا وائرس کا واحد علاج ہے عوام موقی منڈیوں میں قربانی کے جانور خریدنے اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر ریلیں اور ریلیز پر سختی عمل درآمد کر کے اپنے آپ اور اپنے فیملی کو اس خطرناک وائرس سے بچایا جائے صوبائی حکومت خصوصاً وزیراعلیٰ بلوچستان کی دن رات محنت اور کوششوں سے صوبے میں تفصیل نمبر35 صفحہ 3 پر

کھلے مصالحہ جات، خشک دودھ اور چائے کی پتی کے معیار کی جانچ پڑتال کے لیے لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھیجا دیا

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ شہر میں فروخت ہونے والے کھلے مصالحہ جات، خشک دودھ اور چائے کی پتی کے معیار کی جانچ پڑتال کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی معائنہ ٹیم نے مختلف مراکز سے مذکورہ اشیاء کے نمونے حاصل کر تفصیل نمبر46 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک میں جمہوریت کو بحال کر کے صوبوں کو خودمختار بنایا، سید عبدالقادر گیلانی

بلوچستان کو اس کے حقوق دیئے، اٹھارویں ترمیم کیخلاف سازشوں سے صوبوں کی خودمختاری غصب ہوگی

ملک میں جمہوریت کے تسلسل کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، رہنماء پاکستان پیپلز پارٹی وسابق رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما وسابق رکن قومی اسمبلی سید عبدالقادر گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک میں جمہوریت کو بحال کر کے صوبوں کو خودمختار بنایا، بلوچستان کو اس کے حقوق دیئے، اٹھارویں ترمیم کیخلاف سازشوں سے صوبوں کی خودمختاری غصب ہوگی۔ ملک میں جمہوریت کے تسلسل کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، ہمنے پاکستان میں حکومت ڈھائی سالوں کے دوران عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کر سکی لوگ پرانے پاکستان کو یاد کر رہے ہیں موجودہ حکومت تفصیل نمبر47 صفحہ 3 پر

عوام کے مسائل کی ترقی کیلئے اقدامات کیے جائیں گے، اعجاز سنجرانی

ضلع چاغی کے مختلف علاقوں میں جلد ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع ہونے سے انقلاب برپا ہوگا

ضلع چاغی سمیت نوکنڈی کی تعمیر وترقی اور یہاں کے عوام کی خوشحالی میری سیاست کا محور ہے، سابق معاون خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان

نوکنڈی (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کے سابق معاون خصوصی و پی اے پی کے ڈویژنل آرگنائزر رشنان ڈویژن میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا کہ ضلع چاغی سمیت نوکنڈی کی تعمیر وترقی اور یہاں کے عوام کی خوشحالی میری سیاست کا محور ہے عوام کے مسائل کی ترقی کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں خان سنجرانی ہاؤس نوکنڈی میں قبائلی عمائدین اور خان سنجرانی پینل کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے تفصیل نمبر37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء جمال شاہ کاکڑ کن قومی اسمبلی خواجہ سعد رفیق سے ملاقات کر رہے ہیں

21 جولائی کو پٹ فیڈر کینال اور 25 جولائی سے کیچ تھر کینال میں کام چھوڑ ہڑتال کیا جائیگا، علی بخش جمالی

ایریگیشن کے تمام دفاتر کو بھی تالے لگا دیئے جائیں گے اور دفاتر پر سیاہ جھنڈے بھی لہرائے جائیں گے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان ایریگیشن ایمپلائز یونین کے صوبائی صدر صدر علی بخش جمالی ضلعی صدر عبداللطیف کنڑانی کی زیر قیادت بیدار پل پر احتجاجی مظاہرہ میں لواحقین کی بھرتی ملازمین کے پر موشن نہ ہونے، چیف انجینئر کو ہٹانے کا مطالبہ اور سن کوٹے پر محکمہ آمد نہ ہونے اور ملازمین کیخلاف انتقامی کارروائیوں محکمے میں موید اقربا پروری سمیت دیگر مطالبات کے حق میں ہونے والے مظاہرے میں سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے شرکت کی احتجاجی مظاہرے میں ایریگیشن ایمپلائز یونین کے ڈویژنل صدر عبداللطیف کنڑانی، بختیار خان جتوئی علی خان کھوسہ، محمد مظفل تفصیل نمبر57 صفحہ 3 پر

کے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی پر عوام شدید نالاں ہیں، مرکزی نائب امیر جے یو آئی پاکستان

عوام بجلی کے مسلسل معطل ہونے کی وجہ سے گرمی سے شدید اذیت کا شکار اور پانی کا بحران پیدا ہو جاتا ہے

اوتھل (نامہ نگار) جے یو آئی پاکستان کے مرکزی نائب امیر وا میر جے یو آئی لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا یعقوب ساسولی مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو، مولانا شاہ محمد صدیقی مولانا عبدالحلیم گنگو، مولانا عبدالحمید عارف، مفتی کفایت اللہ، قاری عبیداللہ، میر عالم نوشیروانی، مولانا عمر عادل، مولانا عبدالحلیم گنگو، لالا قادر، مفتی محمد یوسف مولوی محمد اسلم حزب اللہ رونجھو، محبوب علی رونجھو، عطاء اللہ رونجھو، امیر بخش گنگو، عمر عادل ظفر اللہ سلیمان خیل، حافظ حسین احمد مدنی و دیگر نے اپنے مشترکہ میں کہا ہے کہ اوتھل بیلہ لاکھڑا میں آئے روز بجلی کی بندش کی وجہ سے زراعت اور کاروبار تباہی تفصیل نمبر58 صفحہ 3 پر

نائب تحصیلدار لاکھڑا محمد عیسیٰ شاہوک کا لیویز فورس کے جوانوں کے ہمراہ اچانک لاکھڑا بازار کا دورہ

لاکھڑا (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن ریٹائرڈ عارف احمد اور تحصیلدار لاکھڑا سردار زادہ نصیر احمد جاموت کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار لاکھڑا محمد عیسیٰ شاہوک کا لیویز فورس کے جوانوں تفصیل نمبر51 صفحہ 3 پر

گزشتہ شب اوستہ محمد اسٹیشن روڈ پر اچانک بجلی کے ٹرانسفارمر کو آگ لگ گئی، سینیٹری منیجر کا گھر بھی جل کر خاکستر ہو گیا

اوستہ محمد (آن لائن) گزشتہ شب اوستہ محمد اسٹیشن روڈ پر اچانک بجلی کے ٹرانسفارمر کو آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں ساتھ ہی منیجر سینیٹری کو بھی آگ نے اپنے لپیٹ میں لے لیا اور ٹرانسفارمر سے لگے ہوئے دو درجن سے زائد میٹر بھی جل کر تفصیل نمبر34 صفحہ 3 پر

انجمن اخبار فروشاں اور اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی ندا کاظمی کے درمیان تنازعہ افہام وتفہیم سے حل کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن اخبار فروشاں اور اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی ندا کاظمی کے درمیان تنازعہ افہام وتفہیم سے حل کر لیا گیا۔ منگل کو انجمن اخبار فروشاں کے صدر حاجی غازی خان محمد شہی کی قیادت میں سینئر نائب صدر اللہ گل محمد حسنی، سیکرٹری اطلاعات نصیب اللہ کاکڑ، محمد عمر محمد شہی پر مشتمل وفد نے اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ندا کاظمی سے انکے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں گزشتہ روز ہونے والی غلط فہمی دور ہو گئی اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ندا کاظمی یونین کے وفد سے انتہائی عزت کے ساتھ پیش آئیں اور کینٹین کھولنے کی اجازت تفصیل نمبر59 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت کی صحافت خلاف چیرہ دستیاں ملکی وبین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، جمعیت علماء اسلام کوئٹہ

صحافت کا گلہ گھونٹنے کی یہ روش خالص آمرانہ ہے لیکن موجودہ حکومت نے سابقہ تمام مظالم کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے ممتاز صحافی مطیع اللہ جان کے اغواء کو حکومت کی بوکھلاہٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کی صحافت خلاف چیرہ دستیاں ملکی وبین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے صحافت کا گلہ گھونٹنے کی یہ روش خالص آمرانہ ہے لیکن موجودہ حکومت نے سابقہ تمام مظالم کا ریکارڈ توڑ دیا ہے ایک تو تمام چینلز کو مالی طور پر اتنا مجبور کیا گیا کہ سب بے روزگار ہو گئے اب ان کی زبانوں پر بھی تالے لگائے گئے جس کی جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ تفصیل نمبر40 صفحہ 3 پر

معروف صحافی کو فوری طور پر بحفاظت بازیاب کرایا جائے، عوامی نیشنل پارٹی

اگر ان کے خلاف کوئی الزام ہے تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی رہنما میں معروف تجزیہ کار وسینئر صحافی مطیع اللہ جان کی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے دن دیہاڑے اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ معروف صحافی کو فوری طور پر بحفاظت بازیاب کرایا جائے اگر ان کے خلاف کوئی الزام ہے تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے صحافت اور جمہوریت کا آپس میں انتہائی گہرا تعلق تفصیل نمبر41 صفحہ 3 پر

بکرا منڈی کے واقعے کو افہام وتفہیم سے حل کرنے کی ضرورت ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

مویشی مالکان کی سالوں کی محنت ضائع ہونے کا قومی اندیشہ ہے، امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ نائب امیر مولانا محمد ایوب ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمن ملائیل معاونین اطلاعات چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو نے کہا ہے کہ بکرا منڈی کے واقعے کو افہام وتفہیم سے حل کرنے کی ضرورت ہے اس موقع تفصیل نمبر44 صفحہ 3 پر

ڈی ایچ اے ایکسپریس وے کا تعمیری ٹنڈر تمام ٹھیکیداروں اور کنسٹرکشن کمپنیوں کی موجودگی میں کھولا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈی ایچ اے کوئٹہ نے کامیاب اطلاعات کے بعد ایک اور وعدے کی تکمیل اپنے مقررہ وقت سے پہلے کر دی ہے۔ ڈی ایچ اے ایکسپریس وے کا تعمیری ٹنڈر تمام ٹھیکیداروں اور کنسٹرکشن کمپنیوں کی موجودگی میں کھولا گیا۔ یہ خبر عوام کے لئے باعث خوشی ہے کہ اب گریڈ انٹرسیکشن تفصیل نمبر45 صفحہ 3 پر

کاشت کاروں، کسانوں اور زمینداروں کے مسائل پر غور کیا جائے، قبائلی وسیاسی رہنماء

کرونا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لیے بھی یہ اہم اقدام ہے

سنجاوی (نامہ نگار) قبائلی وسیاسی رہنماء نے کہا ہے کہ جب بھی بلوچستان کے ٹماٹر، پیاز و دیگر سبزیات وپھل تیار ہوتے ہیں ایسے وقت میں ایران و دیگر ممالک سے ٹماٹر و دیگر زرعی اجناس پھل سبزیات درآمد کرنا شروع کر دیا گیا ہے جس سے ایک جانب سے یہاں کے زمینداروں تفصیل نمبر49 صفحہ 3 پر

آئینی ترمیمی بل کی منظوری کا سہرا چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے سر ہے

صوبے کے جملہ مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کا سلسلہ جاری ہے گا، ولی محمد نورزئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے کوئٹہ سٹی کے صدر حاجی ولی محمد نورزئی نے ایوان بالا سے بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافے کی بل کے پاس ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی ترمیمی بل کی منظوری کا سہرا چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی اور بلوچستان تفصیل نمبر50 صفحہ 3 پر

سید عبدالقادر گیلانی سے پیپلز پارٹی کے رہنماء حاجی خان محمد بڑیچ اور زوبیر خان بڑیچ ملاقات کر رہے ہیں

کویڈ 19 کے موجودہ بحران نے اس کو اور بھی بدتر کر دیا ہے، محمد سلیم بڑیچ

اس وقت پورے پاکستان میں 200 سے 250 اور بلوچستان میں 10 نیورولوجسٹ موجود ہیں جو کہ مریضوں کیلئے کم ہیں

کوئٹہ (این این آئی) صدر پاکستان سوسائٹی آف نیورولوجی پروفیسر محمد سلیم بڑیچ نے کہا ہے کہ پارکنسن کا مرض کسی بھی عمر کے فرد کو متاثر کر سکتا ہے قومی ادارہ صحت کی حیثیت سے 126 سے زیادہ عالمی تنظیموں کے ساتھ مل کر پاکستان سوسائٹی آف نیورولوجی پی ایس این، پارکنسنز کی بیماری میں مبتلا مریضوں اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے افراد کی بہتر دیکھ بھال، تعلیم اور تحقیق کیلئے کام کرنے میں ڈبلیو این ایف کی حمایت کرتی ہے، اس وقت پورے پاکستان میں 200 سے 250 اور بلوچستان میں 10 نیورو تفصیل نمبر56 صفحہ 3 پر

محکمہ پی ایچ ای ہر وقت عوام کو سہولیات مہیا کرنے کے لیے کوشاں ہے، امیر جان گمسی

رکن صوبائی اسمبلی دھنیش کمار پلیانی کے فنڈ سے معیاری وائر اسٹوریج ٹینک بھی تعمیر کیا گیا ہے

گنداوا (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی نوبزادہ طارق خان گمسی صاحب نے پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ جھل گمسی کے لیے بے شمار اسکیمات منظور کی ہیں ان اسکیمات کے تکمیل سے شہر میں پانی سپلائی و دیگر معاملات کی صورتحال کافی بہتر ہو جائیگی محکمہ پی ایچ ای ہر وقت عوام کو سہولیات مہیا کرنے کے لیے کوشاں ہے جھل گمسی کے پی ایچ ای ایکسین امیر جان گمسی تفصیلات کے مطابق ایکسین تفصیل نمبر60 صفحہ 3 پر

چیف سیکریٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر صوبے میں سکولوں اور کالجوں کے دوبارہ کھولنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیویز فورس سرانان موٹر سائیکل چور کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

سرانان (آن لائن) لیویز فورس سرانان موٹر سائیکل چور کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ڈی سی پشین اور اے سی پشین کے خصوصی ہدایات پر لیویز فورس تفصیل نمبر64 صفحہ 3 پر

عوام کے جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے، محمد الیاس کبزئی

تربت میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں یہ عمل شہر کی امن وامان کو خراب کرنے کی سازش ہے

تربت (آن لائن) اپنی کمشنر کیچ میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی نے کہا کہ تربت میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں یہ عمل شہر کی امن وامان کو خراب کرنے کی سازش ہے، واقعہ میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے عزیز واقارب اور لواحقین کے غم میں برابر شریک تفصیل نمبر65 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت ژوب کو منظور شدہ گیس کی فراہمی کو ہر صورت ممکن بنادیں، شیخ محمد یوسف مندوخیل

گیس کی فراہمی کی منظوری ژوب سمیت دیگر شہروں کی بھی ہو چکی ہے، سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل ژوب

کوئٹہ (این این آئی) سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل ژوب اور عوامی رہنما شیخ محمد یوسف مندوخیل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ژوب کو منظور شدہ گیس کی فراہمی کو ہر صورت ممکن بنادیں۔ کیونکہ ژوب کے لئے گیس کی فراہمی کی منظوری بھی سابقہ ادوار میں ہو چکی ہے اور گیس پلانٹ کے لئے جگہ کا تعین بھی ہو چکا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ژوب کو گیس کی فراہمی ممکن نہ بنانا ایک سوالیہ نشان ہے۔

حکومت مدارس کے مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، ڈپٹی کمشنر طحہ سلیم

ژوب کے دینی مدارس کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مزید اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

ژوب (آن لائن) حکومت مدارس کے مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دے رہی ہے ژوب کے دینی مدارس کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مزید اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں مدارس میں سکولز کے پرائمری سطح کے کتب اور فرنیچر کی فراہمی کیلئے حکام بالا سے رابطہ کریں گے کوشش ہے بچے کیلئے مدارس کے اساتذہ نے جو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کیلئے جو محنت کی وہ قابل تحسین ہے۔

چمن پاک افغان بارڈر کے حوالے سے جے یو آئی کا کردار قابل تحسین ہے، حافظ ولی اللہ منصور

پاک افغان بارڈر کے بندش پر سب سے پہلے اور سب سے آگے جے یو آئی نے اس مسئلے کو اجاگر کیا

چمن (آن لائن) چمن پاک افغان بارڈر کے حوالے سے جے یو آئی کا کردار قابل تحسین ہے حافظ ولی اللہ منصور تفصیلات کے مطابق جے یو آئی کے رہنما حافظ ولی اللہ منصور نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ پاک افغان بارڈر کے بندش پر سب سے پہلے اور سب سے آگے جے یو آئی نے اس مسئلے کو اجاگر کیا قومی اسمبلی صوبائی اسمبلی میں ایوان بالا سمیت ہر فورم پر جمعیت علماء اسلام کی تفصیل نمبر67 صفحہ 3 پر

پوری قوم کو اپنے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں پر فخر ہے، میر عبدالکریم زہری

دہشت گردی پر قابو پانے اور جڑ سے اکھاڑنے میں سیکورٹی فورسز دن رات محنت کر رہی ہیں

لسبیلہ (این این آئی) نیشنل پیپلز کونسل فلات ڈویژن کے چیئرمین میر عبدالکریم زہری نے ضلع کیچ تربت میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہ دھماکہ میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں ملک دشمن عناصر ہمارے سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے ہیں پوری قوم کو اپنے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں پر فخر تفصیل نمبر69 صفحہ 3 پر

واسا ہیڈ آفس میں دھرنا بلوچستان لیبر فیڈریشن کا شدید احتجاج

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے مزدوروں کی جدوجہد رنگ لائی عید سے قبل تنخواہوں اور دیگر واجبات ہوگی

محکمہ فنانس کی جانب سے فنڈز کے اجراء میں تاخیر اور دیگر مزدور مسائل کیلئے عیدالضحیٰ کے بعد زبردست احتجاجی تحریک چلائی جائے گی، خان زمان ودیگر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کا محکمہ واسا کے مزدوروں کی دو ماہ کی تنخواہوں اور ٹائم کی عدم ادائیگی اور چار کول الاؤنس کے حصول کیلئے احتجاج کامیاب تنخواہیں اور اوور ٹائم ادا کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ واسا ہیڈ آفس زرغون روڈ سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین بشیر احمد کی قیادت میں مزدوروں کی احتجاجی ریلی نکلنے سے قبل واسا کے مزدوروں کے جتھے واجبات کی ادائیگی کے چیک مزدور رہنماؤں کو پیش کئے تفصیل نمبر39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ انجمن اخبار فروشاں کا ایک وفد اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ندا کاظمی سے ملاقات کر رہا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ڈائریکٹر جنرل ایف ڈبلیو او میجر جنرل کمال اظفر اوری اور ایس سدرن کمانڈ میجر جنرل دلاور ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں کہیں بھی ایس او پیز پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے، محمد نواز پندرانی

حکومت اور انتظامیہ صرف صرف چینی بڑھانے پاسکو کو کوئٹے پر قانون نظر آتے ہیں، آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ)، اقراء پروگریسو پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن بلوچستان، بلوچستان فرنچائز پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدور محمد نواز پندرانی، حافظ نعمت اللہ خان کاکڑ، محمد نعیم اصغر وکاپینہ اراکان نے گزشتہ روز کوئٹہ میں پرائیویٹ سکول پر چھاپہ مار کہ سکول کو سیل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا تفصیل نمبر42 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے گنداوا آنے والی وین کے مسافروں کو سنی کے علاقے میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر لوٹ لیا

جھل گمسی (این این آئی) کوئٹہ سے گنداوا آنے والی وین کے مسافروں کو سنی کے علاقے میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر لوٹ لیا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سے آنے والی گنداوا وسافر وین سنی کی مقام پر مسلح افراد نے اسلحہ تفصیل نمبر43 صفحہ 3 پر

سعید احمد عمرانی کا اسسٹنٹ کمشنر دالبندین جاوید ڈومکی کے ہمراہ بازار رمویشی منڈی کا دورہ

دالبندین (خ ن) کمشنر رخشان ڈویژن سعید احمد عمرانی کا اسسٹنٹ کمشنر دالبندین جاوید ڈومکی کے ہمراہ بازار رمویشی منڈی کا دورہ کیا دکانداروں اور دیہاڑ لوگوں کے مسائل سنے اور حل کرنے کی یقین دہانی کرائی حکومتی ایس او پیز پر عمل نہ کرنے، نرخ نامہ کے خلاف ورزی پر متعدد دکانداروں جرمانہ کیے گئے سعید احمد عمرانی نے سرکٹ ہاؤس تفصیل نمبر48 صفحہ 3 پر

لوگوں کی صحت کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت کا مظاہرہ برداشت نہیں کیا جائے گا، یاسر خان بازئی

کورونا وائرس کے جتنے بھی مریض تھے وہ اللہ کے فضل سے صحت یاب ہو چکے ہیں اور اب تک نیا کیس کوئی رپورٹ نہیں ہوا

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی صدارت میں ضلعی ہیلتھ اتھارٹی کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سبی ڈاکٹر اکبر سولنگی ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر رفیق مستوئی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عباس ملک ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر مجیب خان تحصیلدار سبی نصیر احمد ترین ڈی ایس پی ایم پی ایچ آئی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا کہ لوگوں کی صحت کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت کا مظاہرہ برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ غیر حاضر ڈاکٹروں اور میڈیکس اسٹاف کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ان کی تنخواہوں سے کٹوتی کرنے کا حکم دے دیا ہے۔

قوم دو وقت کی روٹی کے حصول کیلئے بھی پریشان ہے، حافظ حمد اللہ

موجودہ حکومت کسی طور پر مہلت کا مستحق نہیں دو سالوں کے دوران حکومت نے ملک کو بحرانوں کے دلدل میں دھنسا دیا

پی ٹی آئی حکومت کو گھر بھیجنے کے لیے اپوزیشن کو ایک نقطے پر متفق ہونا پڑیگا، مرکزی رہنماء جمعیت علماء اسلام

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما وسابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کو گھر بھیجنے کے لیے اپوزیشن کو ایک نقطے پر متفق ہونا پڑیگا موجودہ حکومت کسی طور پر مہلت کا مستحق نہیں دو سالوں کے دوران حکومت نے ملک کو بحرانوں کے دلدل میں دھنسا دیا قوم دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے بھی پریشان ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز یوتھ آرگنائزیشن نصیر آباد ڈویژن کے صدر سجاد علی گاجانی سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اپوزیشن پر الزام تراشیاں کرنے والے وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی اور مملکتی وزراء مدیری تفصیل نمبر36 صفحہ 3 پر

تربت میجر جنرل سرفراز علی تربت دھماکے میں زخمی ہونیوالے افراد کے لواحقین کو دلاسہ دے رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیعی) تنویر چنہ ایک تجربہ کار محنتی آفیسر ہیں، عبدالستار برہ

اوتھل (نامہ نگار) سیاسی و سماجی نوجوان شخصیات عبدالستار برہ اور عبدالواحد چنہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیعی) تنویر چنہ ایک تجربہ کار محنتی آفیسر ہیں تنویر چنہ ضلع لسبیلہ کے واحد آفیسر ہے جو کیمیشن کا امتحان پاس کر کے اپنی خدمات سر انجام دے رہے تفصیل نمبر53 صفحہ 3 پر

صحت مند معاشرے کیلئے کھیل کا ہونا ضروری ہے، سردار زادہ میر سمیع لانگو

منگچر (نامہ نگار) صحت مند معاشرے کیلئے کھیل کا ہونا ضروری ہے جہاں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہے تو وہاں کھلاڑیوں کے صلاحیت برقرار رہتے ہیں دیہی علاقوں میں حکومتی سرپرستی نہ ہونے کی وجہ سے کھلاڑی مایوسی کا شکار ہوتے تفصیل نمبر55 صفحہ 3 پر

پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی قلت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

ریلی کے شرکاء نے محکمہ ایریگیشن کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا

نصیر آباد (این این آئی) پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی قلت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی، احتجاجی ریلی معروف زمیندار وقبائلی شخصیت سردار زادہ غلام رسول عمرانی اور میر نظام دین لہڑی کی قیادت میں نکالی گئی پٹ فیڈر کینال سمیت دیگر ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی قلت کے خلاف معروف زمیندار قبائلی شخصیت بابا غلام رسول عمرانی کی قیادت میں سیکڑوں زمینداروں اور کاشتکاروں کی جانب سے احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھائے ہوئے ریلی تفصیل نمبر52 صفحہ 3 پر

چند مٹھی بھر دہشت گرد صوبے میں بدامنی پھیلانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، اوڈیرہ عبدالفتح بلوچ

ہماری پاک فوج، ودیگر سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں دہشت گردوں کے خلاف جنگ فیصلہ کن ہے

لسبیلہ (این این آئی) نیشنل پیپلز کونسل لسبیلہ کے صدر اوڈیرہ عبدالفتح بلوچ نے ضلع کیچ تربت میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں بم دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ ہیں انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہماری پاک فوج، ودیگر سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں دہشت تفصیل نمبر54 صفحہ 3 پر

پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کی اخلاقی حمایت جاری رکھی ہے، سید احسان علی شاہ

خیرپور (نامہ نگار) پاکستان فیڈریشن آف میڈیا کونسل تحصیل صحبت پور کے نائب صدر سید احسان علی شاہ جواکٹ سیکرٹری شفقت علی وایہ احمد خان ترین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کشمیر کی آزادی اور تکمیل پاکستان کیلئے تفصیل نمبر62 صفحہ 3 پر

اقل